


# ٱلۡقِيَـٰمَة Al-Qiyamah

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

**In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful**

## Name

The Surah has been so named after the word *al-Qiyamah* in the first verse. This is not only the name but also the title of this Surah, for it is devoted to Resurrection itself.

## Period of Revelation

Although there is no tradition to indicate its period of revelation, yet there is in the subject matter of this Surah an internal evidence, which shows that it is one of the earliest Surahs to be sent down at Makkah. After verse 15 the discourse is suddenly interrupted and the Prophet (peace be upon him) is told: Do not move your tongue to

remember this revelation hastily. It is Our responsibility to have it remembered and read. Therefore, when We are reciting it, listen to its recital carefully. Again, it is Our responsibility to explain its meaning. Then, from verse 20 onward the same theme which was interrupted at verse 16, is resumed. This parenthetical passage, according to both the context and the traditions, has been interposed here for the reason that when the Angel Gabriel was reciting this Surah to the Prophet (peace be upon him), the Prophet (peace be upon him), lest he should forget its words later, was repeating them at the same moment. This in fact happened at the time when the coming down and receipt of revelation was yet a new experience for him and he was not yet fully used to receiving it calmly. There are two other instances also of this in the Quran. First, in Surah TaHa the Prophet (peace be upon him) has been told: And see that you do not hasten to recite the Quran before its revelation is completed to you. (verse 114). Then, in Surah Al-Aala, it has been said: We shall enable you to recite, then you shall never forget. (verse 6). Later, when the Prophet (peace be upon him) became fully used to receiving the revelation well, there remained no need to give him any such instruction. That is why except for these three places, there is no other instance of this in the Quran.

## Theme and Subject Matter

After the first seven verses of Surah Al-Muddaththir, most of the Surahs, from here till the end of the Quran, in view of their content and style, seem to have been sent down like a shower of rain. Thus, in the successively revealed

Surahs, Islam and its fundamental concepts and moral teachings were presented forcefully and effectively in brief sentences. And the people of Makkah were warned so vehemently on their errors and deviations that the chiefs Quraish were utterly confounded. Therefore, before the next Hajj season came, they held the conference for devising schemes to defeat the Prophet (peace be upon him) as has been mentioned in the introduction to the Surah Al-Muddaththir.

In this Surah, addressing thee deniers of the Hereafter, replies have been given to each of their doubts and objections, strong arguments have been given to prove the possibility, occurrence and necessity of the Resurrection and Hereafter, and it has also been pointed out clearly that the actual reason of the people's denying the Hereafter is not that they regard it as impossible rationally but because their selfish motives do not allow them to affirm it. At the same time, the people have been warned, as if to say: The event, the occurrence of which you deny, will inevitably come. All your deeds will be brought and placed before you. As a matter of fact, even before any of you sees his record, he will be knowing fully what he has done in the world, for no man is unaware of himself, no matter what excuses and pretenses he may offer to deceive the world and deceive himself in respect of his misdeeds.

## نام

پہلی ہی آیت کے لفظ القیامۃ کو اس سورت کا نام قرار دیا گیا ہے، اور یہ صرف نام ہی نہیں ہے بلکہ اس سورت کا عنوان بھی ہے کیونکہ اس میں قیامت ہی پر بحث کی گئی ہے۔

## زمانۂ نزول

اگرچہ کسی روایت سے اس کا زمانۂ نزول معلوم نہیں ہوتا، لیکن اس کے مضمون میں ایک داخلی شہادت ایسی موجود ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بالکل ابتدائی زمانے کی نازل شدہ سورتوں میں سے ہے۔ آیت 15 کے بعد یکایک سلسلۂ کلام توڑ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا جاتا ہے کہ " اس وحی کو جلدی جلدی یاد کرنے کے لیے اپنی زبان کو حرکت نہ دو، اس کو یاد کرا دینا اور پڑھوا دینا ہمارے ذمہ ہے، لہٰذا جب ہم اسے پڑھ رہے ہوں اس وقت تم اس کی قرات کو غور سے سنتے رہو، پھر اس کا مطلب سمجھا دینا بھی ہمارے ہی ذمہ ہے "

اس کے بعد آیت 20 سے پھر وہی مضمون شروع ہو جاتا ہے جو ابتدا سے آیت 15 تک چلا آ رہا تھا۔ یہ جملۂ معترضہ اپنے موقع محل سے بھی اور روایات کی رو سے بھی اس بنا پر دورانِ کلام وارد ہوا ہے کہ جس وقت حضرت جبریل علیہ السلام یہ سورہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سنا رہے تھے اس وقت آپ اس اندیشے سے کہ کہیں بعد میں بھول نہ جائیں، اس کے الفاظ اپنی زبان مبارک سے دہراتے جا رہے تھے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ اس زمانے کا ہے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نزولِ وحی کا نیا نیا تجربہ ہو رہا تھا اور ابھی آپ کو وحی اخذ کرنے کی عادت اچھی طرح نہیں پڑی تھی۔ قرآن مجید میں اس کی دو مثالیں اور بھی ملتی ہیں۔ ایک سورہ طٰہٰ میں جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا گیا ہے" اور دیکھو، قرآن پڑھنے میں جلدی نہ کیا کرو جب تک کہ تمہاری طرف اس کی وحی تکمیل کو نہ پہنچ جائے"دوسرے سورہ اعلٰی میں جہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اطمینان دلایا گیا ہے کہ" ہم عنقریب تم کو پڑھوا دیں گے پھر تم بھولو گے نہیں "بعد میں جب حضور کو وحی اخذ کرنے کی اچھی طرح مشق ہو گئی تو اس طرح کی ہدایات دینے کی کوئی ضرورت باقی نہ رہی۔ اسی لیے قرآن میں ان تین مقامات کے سوا اس کی کوئی اور مثال نہیں ملتی۔

## موضوع اور مضمون

یہاں سے آخر کلام اللہ تک جو سورتیں پائی جاتی ہیں ان میں سے اکثر اپنے مضمون اور انداز بیان سے اس

زمانہ کی نازل شدہ معلوم ہوتی ہے جب سورۂ مدثر کی ابتدائی سات آیات کے بعد نزول قرآن کا سلسلہ بارش کی طرح شروع ہوا اور پے در پے نازل ہونے والی سورتوں میں ایسے پر زور اور موثر طریقہ سے نہایت جامع اور مختصر فقروں میں اسلام اور اس کے بنیادی عقائد اور اخلاقی تعلیمات کو پیش کیا گیا اور اہل مکہ کو ان کی گمراہیوں پر متنبہ کیا گیا جس سے قریش کے سردار بوکھلا گئے اور پہلا حج آنے سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو زک دینے کی تدبیریں سوچنے کے لیے انہوں نے وہ کانفرنس منعقد کی (جس کے لئے دیکھیے: سورۂ مدثر)۔

اس سورت میں منکرین آخرت کو خطاب کر کے ان کے ایک ایک شبہ اور ایک ایک اعتراض کا جواب دیا گیا ہے، بڑے مضبوط دلائل کے ساتھ قیامت اور آخرت کے امکان، وقوع اور وجوب کا ثبوت دیا گیا ہے، اور یہ بھی صاف صاف بتا دیا گیا ہے کہ جو لوگ بھی آخرت کا انکار کرتے ہیں ان کے انکار کی اصل وجہ یہ نہیں ہے کہ ان کی عقل اسے ناممکن سمجھتی ہے، بلکہ اس کا اصل محرک یہ ہے کہ ان کی خواہشات نفس اسے ماننا نہیں چاہتیں۔ اس کے ساتھ لوگوں کو خبردار کر دیا گیا ہے کہ جس وقت کے آنے کا تم انکار کر رہے ہو وہ آ کر رہے گا، تمہارا سب کیا دھرا تمہارے سامنے لا کر رکھ دیا جائے گا، اور حقیقت میں تو اپنا نامۂ اعمال دیکھنے سے بھی پہلے تم میں سے ہر شخص کو خود معلوم ہو گا کہ وہ دنیا میں کیا کر کے آیا ہے، کیونکہ کوئی شخص بھی اپنے آپ سے ناواقف نہیں ہوتا، خواہ وہ دنیا کو بہکانے اور اپنے ضمیر کو بہلانے کے لیے اپنی حرکات کے لیے کتنے ہی بہانے اور عذرات تراشتا رہے۔

| | | |
|---|---|---|
| بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ | In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful. |
| لَاۤ اُقۡسِمُ بِیَوۡمِ الۡقِیٰمَةِ ۙ﴿۱﴾ | نہیں *1، قسم کھاتا ہوں میں روز قیامت کی۔ | 1. Nay, *1 I swear by the Day of Resurrection. |

*1 To begin the discourse with 'Nay' by itself indicates that the Surah was sent down to refute some argument which was already in progress. The theme that follows shows that the argument was about Resurrection and life after death,

which the people of Makkah were denying and also mocking at it at the same time. This can be understood by an example. If a person only wants to affirm the truth of the Messenger, he will say: By God, the Messenger has come with the truth. But if some people might be denying the truth of the Messenger, he in response would rejoin, thus: Nay, by God, the Messenger has come with the truth. It would mean: That which you say is not true. I swear that the truth is this and this.

*1 کلام کی ابتدا نہیں سے کرنا خود بخود اِس بات پر دلالت کرتا ہے کہ پہلے سے کوئی بات چل رہی تھی جس کی تردید میں یہ سورۃ نازل ہوئی ہے اور آگے کا مضمون آپ ہی ظاہر کر دیتا ہے کہ وہ بات قیامت اور آخرت کی زندگی کے بارے میں تھی جس کا اہلِ مکہ انکار کر رہے تھے بلکہ ساتھ ساتھ مذاق بھی اڑا رہے تھے۔ اس طرز بیان کو اِس مثال سے اچھی طرح سمجھا جا سکتا ہے کہ اگر آپ محض رسول کی صداقت کا اقرار کرنا چاہتے ہوں تو آپ کہیں گے "خدا کی قسم رسول برحق ہے"۔ لیکن اگر کچھ لوگ رسول کی صداقت کا انکار کر رہے ہوں تو آپ جواب میں اپنی بات یوں شروع کریں گے کہ "نہیں، خدا کی قسم رسول برحق ہے"۔ اس کا مطلب یہ ہو گا کہ تم جو کچھ کہہ رہے ہو وہ صحیح نہیں ہے، میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اصل بات یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 2. And nay, I swear by the reproaching self. *2 | اور نہیں، قسم کھاتا ہوں میں ملامت کرنیوالے نفس کی۔ *2 | وَ لَاۤ اُقۡسِمُ بِالنَّفۡسِ اللَّوَّامَةِ ؕ﴿۲﴾ |

*2 The Quran has mentioned three kinds of human self:

(1) Ammarah: the self that urges man to evil.

(2) Lawwamah: the self that feels repentant at doing wrong, thinking wrong and willing wrong and reproaches man for this; and the same is called conscience in modern terminology.

(3) Mumtmainnah: the self that feels full satisfaction at

following the right path and abandoning the wrong path. Here the thing for which Allah has sworn an oath by the Resurrection (*al-Qiyamah*) and the self-reproaching self, has not been mentioned, for the following sentence itself points it out. The oath has been sworn to stress the truth that Allah will certainly resurrect man after death and He has full power to do so. Now, the question arises: What is the relevance of swearing an oath by these two truths to this thing? As for the Day of Resurrection, the reason of swearing by it is certainty. The whole system of the universe testifies that it is neither eternal nor everlasting. Its own nature tells that it has neither existed since eternity nor can last till eternity. Human intellect has never had any strong argument to support the baseless view that this ever changing world could have existed since ever and would last for ever. But as the knowledge of man about this world goes on increasing, it goes on becoming more and more certain for man himself that this workhouse of life had a beginning in time before which it was not, and necessarily it has also an end in time after which it will not be. For this reason, Allah has sworn an oath by Resurrection itself on the occurrence of Resurrection, and this is an oath of the kind that we might swear addressing a skeptical person, who may be skeptical about his own existence, saying: By you yourself, you exist, i.e. your own being itself testifies that you exist. But an oath by the Day of Resurrection is only an argument for the truth that this system will one day be upset. As for the truth that after that man shall be resurrected and called upon to account for his deeds and

**made to see the good or evil results thereof, another oath has been sworn by the self reproaching soul. No man exists in the world who may not have a faculty called conscience in him. This conscience is necessarily conscious of the good and evil, and no matter how perverted and degraded a man might be, his conscience always checks him on doing evil and for not doing good irrespective of the fact whether the criterion of good and evil that he had set for himself might in itself be right or wrong. This is an express pointer that man is not merely an animal but a moral being. He naturally can distinguish good from evil; he regards himself as responsible for the good or the evil he does; and even if he might feel pleased suppressing the reproaches of his conscience over the evil he has done to another, he, on the contrary, feels and demands from within that the other one who has done the same evil to him, must deserve punishment. Now, if the existence of a self-reproaching soul of this kind in man himself is an undeniable truth, then this truth too is undeniable that the same self-reproaching soul is an evidence of the life hereafter, which exists in man's own nature itself. For this demand of nature that man must be rewarded or punished for his good or evil deeds for which he himself is responsible, cannot be met in any other way than in the life hereafter. No sensible man can deny that if man becomes non existent after death, he will certainly be deprived of the rewards of his good deeds and escape the just and lawful punishment of many of his evil deeds. Therefore, unless one comes to believe in the absurd idea that a rational being like man has stumbled into an**

**irrational system of the universe and a moral being like man has happened to be born in a world which basically has nothing to do with morality, he cannot deny the life hereafter. Likewise, the philosophy of the transmigration of souls also is no reply to this demand of nature, for if man goes on being born and reborn in this very world for the sake of being rewarded and punished for his moral acts, in every cycle of life he will perform some additional moral acts, which again will need to be rewarded and punished, thus making his account more and more lengthy and complicated in an endless way instead of being settled finally and for good. Therefore, this demand of nature is fulfilled only in case man in this world should have only one life and then, after the whole human race has been brought to an end, there should be another life in which all acts of man should be judged and assessed rightly and justly and he should be fully rewarded or punished in consequence thereof. (For further explanation, see E.N. 30 of Surah Al-Aaraf).**

**2***قرآن مجید میں نفسِ انسانی کی تین قسموں کا ذکر کیا گیا ہے ۔ ایک وہ نفس جو انسان کو برائیوں پر اکساتا ہے۔ اس کا نام نفس اَمارہ ہے۔ دوسرا نفس جو غلط کام کرنے یا غلط سوچنے یا بری نیت رکھنے پر نادم ہوتا ہے اور انسان کو اس پر ملامت کرتا ہے۔ اس کا نام نفسِ لوّامہ ہے اور اسی کو ہم آج کل کی اصطلاح میں ضمیر کہتے ہیں۔ تیسرا وہ نفس جو صحیح راہ پر چلنے اور غلط راہ چھوڑدینے میں اطمینان محسوس کرتا ہے۔ اس کا نام نفسِ مطمئنہ ہے۔اس مقام پر اللہ تعالیٰ نے قیامت کے دن اور ملامت کرنے والے نفس کی قسم جس بات پر کھائی ہے اُسے بیان نہیں کیا ہے کیونکہ بعد کا فقرہ خود اس بات پر دلالت کر رہا ہے۔ قسم اِس بات پر کھائی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ انسان کو مرنے کے بعد دوبارہ ضرور پیدا کریگا اور وہ ایسا کرنے پر پوری طرح قادر ہے۔ اب یہ

سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس بات پر اِن دو چیزوں کی قسم کس مناسبت سے کھائی گئی ہے؟

جہاں تک روزِ قیامت کا تعلق ہے، اُس کی قسم کھانے کی وجہ یہ ہے کہ اس کا آنا یقینی ہے۔ پوری کائنات کا نظام اِس بات پر گواہی دے رہا ہے کہ یہ نظام نہ ازلی ہے نہ ابدی۔ اِس کی نوعیت ہی خود یہ بتا رہی ہے کہ یہ نہ ہمیشہ سے تھا اور نہ ہمیشہ باقی رہ سکتا ہے۔ انسان کی عقل پہلے بھی اِس گمانِ بے اصل کے لیے کوئی مضبوط دلیل نہ پاتی تھی کہ یہ ہر آن بدلنے والی دنیا کبھی قدیم اور غیر فانی بھی ہو سکتی ہے، لیکن جتنا جتنا اِس دنیا کے متعلق انسان کا علم بڑھتا جاتا ہے اُتنا ہی زیادہ یہ امر خود انسان کے نزدیک بھی یقینی ہوتا چلا جاتا ہے کہ اِس ہنگامہ ہست وبود کی ایک ابتدا ہے جس سے پہلے یہ نہ تھا، اور لازماً اس کی ایک انتہا بھی ہے جس کے بعد یہ نہ رہے گا۔ اس کی بنا پر اللہ تعالیٰ نے قیامت کے وقوع پر خود قیامت ہی کی قسم کھائی ہے، اور یہ ایسی ہی قسم ہے جیسے ہم کسی شکی انسان کو جو اپنے موجود ہونے ہی میں شک کر رہا ہو، خطاب کر کے کہیں کہ تمہاری جان کی قسم تم موجود ہو، یعنی تمہارا وجود خود تمہارے موجود ہونے پر شاہد ہے۔

لیکن روزِ قیامت کی قسم صرف اِس امر کی دلیل ہے کہ ایک دن یہ نظامِ کائنات درہم برہم ہو جائے گا۔ رہی یہ بات کہ اس کے بعد پھر انسان دوبارہ اٹھایا جائے گا اور اس کو اپنے اعمال کا حساب دینا ہوگا اور وہ اپنے کیے کا اچھا یا برا نتیجہ دیکھے گا، تو اس کے لیے دوسری قسم نفسِ لوّامہ کی کھائی گئی ہے۔ کوئی انسان دنیا میں ایسا موجود نہیں ہے جو اپنے اندر ضمیر نام کی ایک چیز نہ رکھتا ہو۔ اِس ضمیر میں لازماً بھلائی اور برائی کا ایک احساس پایا جاتا ہے، اور چاہے انسان کتنا ہی بگڑا ہوا ہو، اس کا ضمیر اسے کوئی برائی کرنے اور بھلائی نہ کرنے پر ضرور ٹوکتا ہے قطع نظر اس سے کہ اس نے بھلائی اور برائی کا جو معیار بھی قرار دے رکھا ہو وہ بجائے خود صحیح ہو یا غلط۔ یہ اِس بات کی صریح دلیل ہے کہ انسان نرا حیوان نہیں ہے بلکہ ایک اخلاقی وجود ہے، اس کے اندر فطری طور پر بھلائی اور برائی کی تمیز پائی جاتی ہے، وہ خود اپنے آپ کو اپنے اچھے اور برے افعال کا ذمہ دار سمجھتا ہے، اور جس برائی کا ارتکاب اُس نے دوسرے کے ساتھ کیا ہو اس پر اگر وہ اپنے ضمیر کی ملامتوں کو دبا کر خوش بھی ہو لے، تو اس کے برعکس صورت میں جبکہ اُسی برائی کا ارتکاب کسی دوسرے نے اُس کے ساتھ کیا ہو، اس کا دل اندر سے یہ تقاضا کرتا ہے کہ اِس زیادتی کا مرتکب ضرور سزا کا مستحق ہونا چاہیے۔ اب اگر انسان

کے وجود میں اِس طرح کے ایک نفسِ لوّامہ کی موجودگی ایک ناقابلِ انکار حقیقت ہے، تو پھر یہ حقیقت بھی ناقابلِ انکار ہے کہ یہی نفسِ لوّامہ زندگی بعدِ موت کی ایک ایسی شہادت ہے جو خود انسان کی فطرت میں موجود ہے۔ کیونکہ فطرت کا یہ تقاضا کہ اپنے جن اچھے اور برے اعمال کا انسان ذمہ دار ہے اُن کی جزا یا سزا اُس کو ضرور ملنی چاہیے، زندگی بعد موت کے سوا کسی دوسری صورت میں پورا نہیں ہو سکتا۔ کوئی صاحبِ عقل آدمی اس سے انکار نہیں کر سکتا کہ مرنے کے بعد اگر آدمی معدوم ہو جائے تو اُس کی بہت سی بھلائیاں ایسی ہیں جن کے اجر سے وہ لازماً محروم رہ جائے گا، اور اس کی بہت سی برائیاں ایسی ہیں جن کی منصفانہ سزا پانے سے وہ ضرور بچ نکلے گا۔ اس لیے جب تک آدمی اِس بیہودہ بات کا قائل نہ ہو کہ عقل رکھنے والا انسان ایک غیر معقول نظامِ کائنات میں پیدا ہو گیا ہے، اور اخلاقی احساسات رکھنے والا انسان ایک ایسی دنیا میں جنم لے بیٹھا ہے جو بنیادی طور پر اپنے پورے نظام میں اخلاق کا کوئی وجود ہی نہیں رکھتی، اُس وقت تک وہ حیات بعدِ موت کا انکار نہیں کر سکتا۔ اسی طرح تناسخ یا آواگون کا فلسفہ بھی فطرت کے اِس مطالبے کا جواب نہیں ہے۔ کیونکہ اگر انسان اپنے اخلاقی اعمال کی سزا یا جزا پانے کے لیے پھر اسی دنیا میں جنم لیتا چلا جائے تو ہر جنم میں وہ پھر کچھ مزید اخلاقی اعمال کرتا چلا جائے گا جو نئے سرے سے جزا و سزا کے متقاضی ہوں گے اور اس لامتناہی سلسلے میں بجائے اس کے کہ اس کا حساب کبھی چک سکے، اُلٹا اس کا حساب بڑھتا ہی چلا جائے گا۔ اس لیے فطرت کا یہ تقاضا صرف اسی صورت میں پورا ہوتا ہے کہ اِس دنیا میں انسان کی صرف ایک زندگی ہو، اور پھر پوری نوعِ انسانی کا خاتمہ ہوجانے کے بعد ایک دوسری زندگی ہو جس میں انسان کے اعمال کا ٹھیک ٹھیک حساب کر کے اسے پوری جزا اور سزا دے دی جائے (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد دوم، الاعراف، حاشیہ ۳۰)۔

| | | |
|---|---|---|
| أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَلَّن نَّجْمَعَ عِظَامَهُ ۝٣ | کیا خیال کرتا ہے انسان کہ ہرگز نہیں اکٹھی کریں گے ہم اسکی ہڈیاں۔ *3 | 3. Does man think that never shall We assemble his bones. *3 |

*3 The above two arguments, which have been presented in the form of the oaths, only prove two things. First, that the

**end of the world (i.e. the first stage of Resurrection) is a certainty; and second, that another life after death is necessary, for without it the logical and natural demands of man's being a moral being cannot be fulfilled; and this will certainly happen, for the existence of the conscience in man testifies to it. Now, this third argument has been given to prove that life after death is possible. The people of Makkah who denied it, said again and again: How can it be that the people who died hundreds of thousands of years ago, whose bodies have disintegrated into particles and mixed in the dust, whose bones decayed and were scattered away by the winds, some of whom were burnt to ashes, others devoured by the beasts of prey, still others drowned in the seas and swallowed by fish, the material constituents of their bodies should re-assemble and every man should rise up as the same person that he once was ten or twenty thousand years before? Allah has given its very rational and highly forceful reply in the form of this brief question: Does man think that We shall not be able to put his bones together? That is, If you had been told that the scattered particles of your body would reunite of their own accord some time in the future, and you would come back to life by yourself with this very body, you would no doubt have been justified in regarding it as impossible. But what you have actually been told is that such a thing will not happen by itself, but Allah Almighty will do this. Now, do you really think that the Creator of the universe, Whom you yourself also regard as the Creator, would be powerless to do so? This was such a question in answer to which nobody who**

believed in God to be the Creator of the universe; could say, neither then nor today, that even God Himself could not do this even if He so willed. And if a disbeliever says such a thing, he can be asked: How did God in the first instance make the body in which you at present exist, by gathering its countless particles together from the air, water and earth and many other places you do not know. How, then, can you say that the same God cannot gather its constituent parts together once again.

3*اوپر کی دو دلیلیں، جو قسم کی صورت میں بیان کی گئی ہیں، صرف دو باتیں ثابت کرتی ہیں۔ ایک یہ کہ دنیا کا خاتمہ (یعنی قیامت کا پہلا مرحلہ) ایک یقینی امر ہے۔ دوسرے یہ کہ موت کے بعد دوسری زندگی ضروری ہے کیونکہ اس کے بغیر انسان کے ایک اخلاقی وجود ہونے کے منطقی اور فطری تقاضے پورے نہیں ہو سکتے، اور یہ امر ضرور واقع ہونے والا ہے، کیونکہ انسان کے اندر ضمیر کی موجودگی اِس پر گواہی دے رہی ہے۔ اب یہ تیسری دلیل یہ ثابت کرنے کے لیے پیش کی گئی ہے کہ زندگی بعدِ موت ممکن ہے۔ مکہ میں جو لوگ اس کا انکار کرتے تھے وہ بار بار یہ کہتے تھے کہ آخر یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ جن لوگوں کو مرے ہوئے سینکڑوں ہزاروں برس گزر چکے ہوں، جن کے جسم کا ذرہ ذرہ خاک میں مل کر پر اگندہ ہو چکا ہو، جن کی ہڈیاں تک بوسیدہ ہو کر نہ معلوم زمین میں کہاں کہاں منتشر ہو چکی ہوں، جن میں سے کوئی جل مرا ہو، کوئی درندوں کے پیٹ میں جا چکا ہو، کوئی سمندر میں غرق ہو کر مچھلیوں کی غذا بن چکا ہو، ان سب کے اجزائے جسم پھر سے جمع ہو جائیں اور ہر انسان پھر وہی شخص بن کر اٹھ کھڑا ہو جو دس بیس ہزار برس پہلے کبھی وہ تھا؟ اس کا نہایت معقول اور انتہائی پر زور جواب اللہ تعالیٰ نے اِس مختصر سے سوال کی شکل میں دے دیا ہے کہ "کیا انسان یہ سمجھ رہا ہے کہ ہم اس کی ہڈیوں کو کبھی جمع نہ کر سکیں گے"؟ یعنی اگر تم سے یہ کہا گیا ہوتا کہ تمہارے یہ منتشر اجزائے جسم کسی وقت آپ سے آپ جمع ہو جائیں گے اور تم آپ سے آپ اسی جسم کے ساتھ جی اٹھو گے، تو بلا شبہ تمہارا اِسے ناممکن سمجھنا بجا ہوتا۔ مگر تم سے تو کہا یہ گیا ہے کہ یہ کام خود نہیں ہو گا بلکہ اللہ تعالیٰ ایسا کرے گا۔ اب

کیا تم واقعی یہ سمجھ رہے ہو کہ کائنات کا خالق، جسے تم خود بھی خالق مانتے ہو، اِس کام سے عاجز ہے؟ یہ ایسا سوال تھا جس کے جواب میں کوئی شخص جو خدا کو خالقِ کائنات مانتا ہو، نہ اُس وقت یہ کہہ سکتا تھا اور نہ آج یہ کہہ سکتا ہے کہ خدا بھی یہ کام کرنا چاہے تو نہیں کر سکتا۔ اور اگر کوئی بے وقوف ایسی بات کہے تو اس سے پوچھا جا سکتا ہے کہ تم آج جس جسم میں اِس وقت موجود ہو اس کے بے شمار اجزاء کو ہوا اور پانی اور مٹی اور نہ معلوم کہاں کہاں سے جمع کر کے اُسی خدا نے کیسے یہ جسم بنا دیا جس کے متعلق تم یہ کہہ رہے ہو کہ وہ پھر ان اجزاء کو جمع نہیں کر سکتا؟

| | | |
|---|---|---|
| 4. Yes, We have the power of restoring his very fingertips. *4 | ہاں، ہمیں قدرت ہے اسپر کہ درست کر دیں اسکی انگلیوں کے پور پور۔ *4 | بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّىَ بَنَانَهٗ ﴿٤﴾ |

*4 That is, not to speak of building up your skeleton once again by gathering together the major bones? We are able to make whole the most delicate parts of your body, even your finger tips, as they used to be before.

*4 یعنی بڑی بڑی ہڈیوں کو جمع کر کے تمہارا ڈھانچہ پھر سے کھڑا کر دینا تو درکنار، ہم تو اس بات پر بھی قادر ہیں کہ تمہارے نازک ترین اجزائے جسم حتیٰ کہ تمہاری انگلیوں کی پوروں تک کو پھر ویسا ہی بنا دیں جیسی وہ پہلے تھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 5. But desires man to commit evil in the time in front of him. *5 | بلکہ چاہتا ہے انسان کہ بد اعمالی کرتا رہے آئندہ بھی۔ *5 | بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۚ ﴿٥﴾ |

*5 In this brief sentence the real disease of the deniers of the Hereafter has been clearly diagnosed. What makes them deny the Hereafter is not, in fact, their regarding the Resurrection and Hereafter as impossible but they deny it

because acceptance of the Hereafter inevitably imposes certain moral restrictions on them, which they detest. They desire that they should continue roaming in the world at will as they have been roaming before. They should have full freedom to go on committing whatever injustice, dishonesty, sin and wickedness that they have been committing before, and there should be no deterrent to obstruct their freedom and to warn them that one day they will have to appear and render an account of their deeds before their God. Therefore, it is not their intellect which is hindering them from believing in the Hereafter but their desires of the self.

*5 اِس چھوٹے سے فقرے میں منکرینِ آخرت کے اصل مرض کی صاف صاف تشخیص کر دی گئی ہے۔ اِن لوگوں کو جو چیز آخرت کے انکار پر آمادہ کرتی ہے وہ دراصل یہ نہیں ہے کہ فی الواقع وہ قیامت اور آخرت کو ناممکن سمجھتے ہیں، بلکہ اُن کے اِس انکار کی اصل وجہ یہ ہے کہ آخرت کو ماننے سے لازماً اُن پر کچھ اخلاقی پابندیاں عائد ہوتی ہیں، اور انہیں یہ پابندیاں ناگوار ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ جس طرح وہ اب تک زمین میں بے نتھے بیل کی طرح پھرتے رہے ہیں اُسی طرح آئندہ بھی پھرتے رہیں۔ جو ظلم، جو بے ایمانیاں، جو فسق و فجور، جو بدکرداریاں وہ اب تک کرتے رہے ہیں، آئندہ بھی ان کو اس کی کھلی چھوٹ ملی رہے، اور یہ خیال کبھی ان کو یہ ناروا آزادیاں برتنے سے نہ روکنے پائے کہ ایک دن انہیں اپنے خدا کے سامنے حاضر ہو کر اپنے اِن اعمال کی جواب دہی کرنی پڑے گی۔ اس لیے دراصل اُن کی عقل اُنہیں آخرت پر ایمان لانے سے نہیں روک رہی ہے بلکہ ان کی خواہشاتِ نفس اِس میں مانع ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 6. He asks, when will be the Day of Resurrection. *6 | وہ پوچھتا ہے کب ہو گا دن قیامت کا۔ *6 | يَسۡـَٔلُ اَيَّانَ يَوۡمُ الۡقِيٰمَةِؕ ۝٦ |

*6 This question was not put as a question but derisively and to deny Resurrection, That is, they did not want to ask

when Resurrection would take place but asked mockingly: What has happened to the day with which you are threatening us. When will it come.

*6 یہ سوال استفسار کے طور پر نہیں بلکہ انکار اور استہزاء کے طور پر تھا۔ یعنی وہ یہ پوچھنا نہیں چاہتے تھے کہ قیامت کس روز آئے گی، بلکہ مذاق کے طور پر کہتے تھے کہ حضرت! جس دن کی آپ خبر دے رہے ہیں آخر وہ آتے آتے رہ کہاں گیا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| 7. So when dazzles the vision. *7 | سو جب چندھیا جائے بصارت۔ *7 | فَاِذَا بَرِقَ الۡبَصَرُ ۙ﴿۷﴾ |

*7 Literally, the words *bariq al-basaru* mean dazzling of the eyes by lightning, but in the Arabic idiom these words do not specifically carry this meaning only but are also used for man's being terror-stricken and amazed, or his being confounded on meeting with an accident suddenly and his eyes being dazed at some distressing sight before him. This subject has been expressed at another place in the Quran, thus: Allah is only deferring their case to the Day when the eyes shall stare with consternation. (Surah Ibrahim, Ayat 42).

*7 اصل میں بَرِقَ الۡبَصَرُ کے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں جن کے لغوی معنی بجلی کی چمک سے آنکھوں کے چندھیا جانے کے ہیں۔ لیکن عربی محاورے میں یہ الفاظ اسی معنی کے لیے مخصوص نہیں ہیں بلکہ خوف زدگی، حیرت، یا کسی اچانک حادثہ سے دوچار ہو جانے کی صورت میں اگر آدمی ہکا بکا رہ جائے اور اس کی نگاہ اُس پریشان کن منظر کی طرف جم کر رہ جائے جو اس کو نظر آرہا ہو تو اس کے لیے بھی یہ الفاظ بولے جاتے ہیں۔ اِسی مضمون کو قرآن مجید میں ایک دوسری جگہ یوں بیان کیا گیا ہے۔: اِنَّمَا یُؤَخِّرُهُمۡ لِیَوۡمٍ تَشۡخَصُ فِیۡهِ الۡاَبۡصَارُ۔ "اللہ تو انہیں ٹال رہا ہے اُس دن کے لیے جب آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی"(ابراہیم،۴۲)۔

| | | |
|---|---|---|
| 8. And eclipses the moon. | اور گہنا جائے چاند۔ | وَ خَسَفَ الْقَمَرُ ۙ﴿۸﴾ |
| 9. And are brought together the sun and the moon. *8 | اور جمع کر دیئے جائیں سورج اور چاند۔ *8 | وَ جُمِعَ الشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ ۙ﴿۹﴾ |

*8 This is a brief description of the chaotic condition of the system of the universe that will prevail in the first stage of Resurrection. The darkening of the moon and the joining of the moon and the sun together can also mean that not only will the moon lose its light, which is borrowed from the sun, but the sun itself will become dark and both will become devoid of light similarly. Another meaning can be that the earth will suddenly start rotating in the reverse order and on that day both the moon and the sun will rise simultaneously in the west. And a third meaning can be that the moon will suddenly shoot out of the earth's sphere of influence and will fall into the sun. There may possibly be some other meaning also of this which we cannot understand today.

*8 یہ قیامت کے پہلے مرحلے میں نظامِ عالم کے درہم برہم ہو جانے کی کیفیت کا ایک مختصر بیان ہے۔ چاند کے بے نور ہو جانے اور چاند سورج کے مل کر ایک ہو جانے کا مفہوم یہ بھی ہو سکتا ہے کہ صرف چاند ہی کی روشنی ختم نہ ہوگی جو سورج سے ماخوذ ہے بلکہ خود سورج بھی تاریک ہو جائے گا اور بے نور ہو جانے میں دونوں یکساں ہو جائیں گے۔ دوسرا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ زمین یکایک اُلٹی چل پڑے گی اور اُس دن چاند اور سورج دونوں بیک وقت مغرب سے طلوع ہوں گے۔ اور ایک تیسرا مطلب یہ بھی لیا جا سکتا ہے کہ چاند یک لخت زمین کی گرفت سے چھوٹ کر نکل جائے گا اور سورج میں جا پڑے گا۔ ممکن ہے کہ اس کا کوئی اور مفہوم بھی ہو جس کو آج ہم نہیں سمجھ سکتے۔

| | | |
|---|---|---|
| 10. Man will say on that day: "Where is the place to escape." | انسان کہے گا اس دن کہ کہاں ہے بھاگنے کی جگہ۔ | يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ﴿١٠﴾ |
| 11. By no means, there is no refuge. | ہرگز نہیں، نہیں ہے کوئی جائے پناہ۔ | كَلَّا لَا وَزَرَ ﴿١١﴾ |
| 12. Unto your Lord that Day shall be the place of rest. | تیرے رب کے پاس اس دن جا ٹھہرنا ہے۔ | اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ اِۨلْمُسْتَقَرُّ ﴿١٢﴾ |
| 13. Man shall be informed that Day of what he sent before and left behind. *9 | بتا دیا جائے گا انسان کو اس دن وہ جو اس نے آگے بھیجا اور پیچھے چھوڑا۔ *9 | يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ﴿١٣﴾ |

*9 *Bima qaddama wa akhkhara* is a very comprehensive sentence, which can have several meanings and probably all are implied:

(1) That man on that Day will be told what good or evil he had earned in his worldly life before death and sent forward for his hereafter, and also informed what effects of his good or evil acts he had left behind in the world, which continued to work and to influence the coming generations for ages after him.

(2) That he will be told everything he ought to have done but which he did not do, and did what he ought not to have done.

(3) That the full date wise account of what he did before and what he did afterwards will be placed before him.

(4) That he will be told whatever good or evil he had done as well as informed of the good or the evil that he had left undone.

9* اصل میں الفاظ ہیں بِمَا قَدَّمَ وَ اَخَّرَ۔ یہ بڑا جامع فقرہ ہے جس کے کئی معنی ہوسکتے ہیں اور غالباً وہ سب ہی مراد ہیں۔ ایک معنی اس کے یہ ہیں کہ آدمی کو اُس روز یہ بھی بتا دیا جائے گا کہ اپنی دنیا کی زندگی میں مرنے سے پہلے کیا نیکی یا بدی کما کر اُس نے اپنی آخرت کے لیے آگے بھیجی تھی اور یہ حساب بھی اس کے سامنے رکھ دیا جائے گا کہ اپنے اچھے یا برے اعمال کے کیا اثرات وہ اپنے پیچھے دنیا میں چھوڑ آیا تھا جو اس کے بعد مدت ہائے دراز تک آنے والی نسلوں میں چلتے رہے۔ دوسرے معنی یہ ہیں کہ اسے وہ سب کچھ بتا دیا جائے گا جو اُسے کرنا چاہیے تھا مگر اُس نے نہیں کیا اور جو کچھ نہ کرنا چاہیے تھا مگر اُس نے کر ڈالا۔ تیسرے معنی یہ ہیں کہ جو کچھ اس نے پہلے کیا اور جو کچھ بعد میں کیا اس کا پورا حساب تاریخ وار اس کے سامنے رکھ دیا جائے گا۔ چوتھے معنی یہ ہیں کہ جو نیکی یا بدی اس نے کی وہ بھی اسے بتا دی جائے گی اور جس نیکی یا بدی کے کرنے سے وہ باز رہا اُس سے بھی اسے آگاہ کر دیا جائے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| 14. But man, against himself, will be a witness. | بلکہ انسان اپنی جان پر خود ہی باخبر ہوگا۔ | بَلِ الۡاِنۡسَانُ عَلٰى نَفۡسِهٖ بَصِيۡرَةٌ ۙ ﴿۱۴﴾ |
| 15. Even if he offers his excuses. *10 | اگرچہ کہ پیش کرتا رہے اپنی معذرت۔ *10 | وَّلَوۡ اَلۡقٰى مَعَاذِيۡرَهٗ ؕ ﴿۱۵﴾ |

*10 That is, the object of placing man's record before him will not be to inform the culprit of his crimes, but this will be done because the demands of justice are not fulfilled unless the proof of the crime is produced before the court; otherwise everyman fully knows what he actually is. For the sake of self-knowledge he does not need that another one should tell him what he is. A liar can deceive the whole world but he himself knows that he lies. A thief can devise a

**thousand devices to conceal his crime but he himself is aware that he is a thief. A person involved in error can present a thousand arguments to assure the people that he is honestly convinced of the disbelief, atheism or polytheism, which he professes and follows, but his own conscience is never unaware of why he persists in that creed and what, in fact, prevents him from understanding and admitting its error and falsity. An unjust, wicked, dishonest, unmoral and corrupt person can even suppress the voice of his own conscience by inventing one or another excuse so that it may stop reproaching him and should be satisfied that he is doing whatever he is doing only because of certain compulsions, expediencies and genuine needs, but despite this he has in any case the knowledge of what wrong he has committed against a certain person, how he has deprived another of his rights, how he deceived still another and that unlawful methods he used to gain what he has gained. Therefore, at the time when one appears in the court of the Hereafter, every disbeliever, every hypocrite, every wicked person and culprit will himself be knowing what he has done in the world and for what crime he stands before his God.**

10* یعنی آدمی کا نامہ اعمال اس کے سامنے رکھنے کی غرض درحقیقت یہ نہیں ہوگی کہ مجرم کو اس کا جرم بتایا جائے، بلکہ ایسا کرنا تو اس وجہ سے ضروری ہوگا کہ انصاف کے تقاضے برسرِ عدالت جرم کا ثبوت پیش کیے بغیر پورے نہیں ہوتے۔ ورنہ ہر انسان خوب جانتا ہے کہ وہ خود کیا ہے۔ اپنے آپ کو جاننے کے لیے وہ اِس کا محتاج نہیں ہوتا کہ کوئی دوسرا اُسے بتائے کہ وہ کیا ہے۔ ایک جھوٹا دنیا بھر کو دھوکہ دے سکتا ہے، لیکن اسے خود تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ جھوٹ بول رہا ہے۔ ایک چور لاکھ حیلے اپنی چوری کو چھپانے کے لیے

اختیار کرسکتا ہے، مگر اس کے اپنے نفس سے تو یہ بات مخفی نہیں ہوتی کہ وہ چور ہے۔ ایک گمراہ آدمی ہزار دلیلیں پیش کرکے لوگوں کو یہ یقین دلا سکتا ہے۔ کہ وہ جس کفر یا دہریت یا شرک کا قائل ہے وہ درحقیقت اس کی ایماندارانہ رائے ہے، لیکن اس کا اپنا ضمیر تو اس سے بے خبر نہیں ہوتا کہ ان عقائد پر وہ کیوں جما ہوا ہے اور ان کی غلطی سمجھنے اور تسلیم کرنے سے دراصل کیا چیز اسے روک رہی ہے۔ ایک ظالم، ایک بد دیانت، ایک بدکردار، ایک حرام خور، اپنی بداعمالیوں کے لیے طرح طرح کی معذرتیں پیش کر کے خود اپنے ضمیر تک کا منہ بند کرنے کی کوشش کرسکتا ہے تاکہ وہ اسے ملامت کرنے سے باز آجائے اور یہ مان لے کہ واقعی کچھ مجبوریاں، کچھ مصلحتیں، کچھ ضرورتیں ایسی ہیں جن کی وجہ سے وہ یہ سب کچھ کر رہا ہے، لیکن اس کے باوجود اُس کو یہ علم توبہرحال ہوتا ہی ہے کہ اس نے کس پر کیا ظلم کیا ہے، کس کا حق مارا ہے، کس کی عصمت خراب کی ہے، کس کو دھوکا دیا ہے، اور کن ناجائز طریقوں سے کیا کچھ حاصل کیا ہے۔ اس لیے آخرت کی عدالت میں پیش ہوتے وقت ہر کافر، ہر منافق، ہر فاسق وفاجر اور مجرم خود جانتا ہوگا کہ وہ کیا کرکے آیا ہے اور کس حیثیت میں آج اپنے خدا کے سامنے کھڑا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ؕ ﴿١٦﴾ | نہ حرکت دیا کرو اس (قران) کے لئے اپنی زبان کو (اے پیغمبر ﷺ) *11 تاکہ جلدی کرو اس کے لئے۔ | 16. Move not concerning it (the Quran) *11 your tongue (O prophet) to make haste therewith. |

*11 The whole passage from here to "Then, indeed, it is upon Us its clarification" is a parenthesis, which has been interposed here as an address to the Prophet (peace be upon him). As we have explained in the introduction above, in the initial stages of the Prophethood when the Prophet (peace be upon him) was not yet fully used to receiving the revelation, he was afraid when revelation came down to him whether he would be able to remember exactly what

**the Angel Gabriel was reciting to him or not. Therefore, he would try to commit to memory rapidly what he heard from the Angel simultaneously. The same thing happened when Gabriel was reciting these verses of Surah Al-Qiyamah. Therefore, interrupting what was being revealed, the Prophet (peace be upon him) was instructed to the effect: Do not try to memorize the words of the revelation, but listen to it attentively and carefully. It is Our responsibility to enable you to remember it by heart and then to recite it accurately. Rest assured that you will not forget even a word of this revelation, nor ever commit a mistake in reciting it.**

**After this instruction the original theme is resumed with: Nay, but you love the worldly life. The people who are not aware of this background regard these sentences as entirely unconnected with the context when they see them interposed here. But one does not see any irrelevance when he has understood their background. This can be understood by an example. A teacher seeing the inattentiveness of a student in the course of the lesson might interrupt the lesson to tell him: Listen to me carefully, and then resume his speech, This sentence will certainly seem to be irrelevant to those who might be unaware of the incident and might read the lesson when it is printed and published word for word, But the one who is aware of the incident because of which this sentence was interposed, will feel satisfied that the lesson has been reproduced verbatim and nothing has been increased or decreased in it in the process of reproduction.**

**The explanation that we have given above of the interpolation of the parenthesis in the present context is not merely based on conjecture, but it has been explained likewise in the authentic traditions. Imam Ahmad, Bukhari, Muslim, Nasai, Tirmidhi Ibn Jarir, Tabarani, Baihaqi and other traditionists have related with authentic chains of transmitters a tradition from Abdullah bin Abbas, saying that when the Quran was revealed to the Prophet (peace be upon him), he would start repeating the words of the revelation rapidly as the Angel Gabriel recited them, fearing lest he should forget some part of it later. Thereupon, he was instructed: Do not move your tongue to remember this revelation hastily. The same thing has been related from Shabi, Ibn Zaid, Dahhak, Hasan Basri, Qatadah, Mujahid and other early commentators.**

**11***یہاں سے لے کر"پھر اس کا مطلب سمجھا دینا بھی ہمارے ہی ذمہ ہے" تک کی پوری عبارت ایک جملہ معترضہ ہے جو سلسلہ کلام کو بیچ میں توڑ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کر کے ارشاد فرمائی گئی ہے، جیسا کہ ہم دیباچہ میں بیان کر آئے ہیں، نبوت کے ابتدائی دور میں، جبکہ حضوؐر کو وحی اخذ کرنے کی عادت اور مشق پوری طرح نہیں ہوئی تھی، آپ پر جب وحی نازل ہوتی تھی تو آپ کو یہ اندیشہ لاحق ہو جاتا تھا کہ جبریل علیہ السلام جو کلامِ الٰہی آپ کو سنا رہے ہیں وہ آپ کو ٹھیک ٹھیک یاد رہ سکے گا یا نہیں، اس لیے آپ وحی سننے کے ساتھ ساتھ اسے یاد کرنے کی کوشش کرنے لگتے تھے۔ ایسی ہی صورت اُس وقت پیش آئی جب حضرت جبریل سورہ القیامہ کی یہ آیات آپ کو سنا رہے تھے۔ چنانچہ سلسلہ کلام توڑ کر آپ کو ہدایت فرمائی گئی کہ آپ وحی کے الفاظ یاد کرنے کی کوشش نہ کریں بلکہ غور سے سنتے رہیں، اسے یاد کرا دینا اور بعد میں ٹھیک ٹھیک آپ سے پڑھوا دینا ہمارے ذمہ ہے، آپ مطمئن رہیں کہ اس کلام کا ایک لفظ بھی آپ نہ بھولیں گے نہ کبھی اسے ادا کرنے میں غلطی کر سکیں گے۔ یہ ہدایت فرمانے کے بعد پھر اصل سلسلہ کلام "ہرگز نہیں،

اصل بات یہ ہے" سے شروع ہو جاتا ہے۔ جو لوگ اِس پس منظر سے واقف نہیں ہیں وہ اس مقام پر ان فقروں کو دیکھ کر یہ محسوس کرتے ہیں کہ اس سلسلہ کلام میں یہ بالکل بے جوڑ ہیں۔ لیکن اِس پس منظر کو سمجھ لینے کے بعد کلام میں کوئی بے ربطی محسوس نہیں ہوتی۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک استاد درس دیتے دیتے یکایک یہ دیکھے کہ طالب علم کسی اور طرف متوجہ ہے اور وہ درس کا سلسلہ توڑ کر طالب علم سے کہے کہ توجہ سے میری بات سنو اور اس کے بعد آگے پھر اپنی تقریر شروع کر دے۔ یہ درس اگر جوں کا توں نقل کر کے شائع کر دیا جائے تو جو لوگ اس واقعہ سے واقف نہ ہوں گے وہ اس سلسلہ تقریر میں اِس فقرے کو بے جوڑ محسوس کریں گے۔ لیکن جو شخص اُس اصل واقعہ سے واقف ہوگا جس کی بنا پر یہ فقرہ درمیان میں آیا ہے وہ مطمئن ہو جائے گا کہ درس فی الحقیقت جوں کا توں نقل کیا گیا ہے، اُسے نقل کرنے میں کوئی کمی بیشی نہیں ہوئی ہے۔

اوپر اِن آیات کے درمیان یہ فقرے بطور جملہ معترضہ آنے کی جو توجیہ ہم نے کی ہے وہ محض قیاس پر مبنی نہیں ہے، بلکہ معتبر روایات میں اس کی یہی وجہ بیان ہوئی ہے۔ مسند احمد، بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی، ابن جریر، طبرانی، بیہقی اور دوسرے محدثین نے متعدد سندوں سے حضرت عبداللہ بن عباس کی یہ روایت نقل کی ہے کہ جب حضورؐ پر قرآن نازل ہوتا تھا تو آپ اِس خوف سے کہ کہیں کوئی چیز بھول نہ جائیں، جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ ساتھ وحی کے الفاظ دُہرانے لگتے تھے۔ اس پر فرمایا گیا کہ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ۔۔۔ یہی بات شعبی، ابنِ زید، ضحاک، حسن بصری، قتادہ، مجاہد اور دوسرے اکابر مفسرین سے منقول ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 17. Indeed, upon Us is its collection, and its recitation. | بیشک ہمارے ذمے ہے اس کا جمع کرنا اور اس کا پڑھانا۔ | اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَ قُرْاٰنَهٗ ۚ ﴿١٧﴾ |
| 18. So, when We recite it*12, then follow its recitation. | سو جب ہم اسے پڑھا کریں*12 تو پیروی کرو اسکی قراءت کی۔ | فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۚ ﴿١٨﴾ |

*12 Although it was Angel Gabriel who recited the Quran

to the Prophet (peace be upon him), since he recited it on behalf of Allah and not on his own behalf, Allah said: When We have recited it.

*12 اگر چہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جبرئیل علیہ السلام قرآن پڑھ کر سناتے تھے، لیکن چونکہ وہ اپنی طرف سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے پڑھتے تھے اس لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ "جب ہم اِسے پڑھ رہے ہوں"۔

| | | |
|---|---|---|
| ثُمَّ اِنَّ عَلَيۡنَا بَيَانَهٗ ؕ ﴿۱۹﴾ | پھر بیشک ہمارے ذمے ہے اسکے معانی کا بیان۔ *13 | 19. Then indeed, it is upon Us its explanation. *13 |

*13 This gives the feeling, and some early commentators have also given expression to the same, that probably in the beginning the Messenger (peace be upon him) of Allah used to ask of the Angel Gabriel the meaning of a verse or a word or a command of the Quran even in the very midst of the revelation itself. Therefore, the Prophet (peace be upon him) was not only given the instruction that he should listen quietly to revelation when it came down to him, and assured that its each word would be preserved in his memory precisely, and he would be enabled to recite the Quran exactly as it was revealed, but at the same time it was also promised that he would be made to understand the meaning and intention of each command and each instruction of divine revelation.

This is a very important verse, which proves certain fundamental concepts which, if understood well, can protect one against the errors which some people have been spreading before as they are spreading them today.

**First, it clearly proves that the Prophet ((peace be upon him) did not receive only the revelation which is recorded in the Quran but besides that he was also given such knowledge by revelation as is not recorded in it. For, if the meaning and intention of the commandments of the Quran, its allusions, its words and its specific terms, which the Prophet (peace be upon him) was made to understand had been recorded in the Quran, there was no need to say that it was also Allah's own responsibility to explain its meaning, for it should then be there in the Quran itself. Hence, one will have to admit that the explanations which were given by Allah of the meanings of the contents of the Qur'an, were in any case in addition to the words of the Quran. This is another proof of the secret revelation to the Prophet (peace be upon him) which the Quran provides. (For further proofs of this from the Quran, see our book *Sunnat ki Aaini Haithiyat* pp. 94-95 and pp. 118-125).**

**Secondly, the explanation of the meaning and intention of the Quran and of its commandments that was given by Allah to the Prophet (peace be upon him), was given for the purpose that he should make the people understand the Quran by his word and deed according to it and teach them to act on its commands. If this was not the object, and the explanation was only given so that he may restrict its knowledge to himself, it was then an exercise in futility, for it could not help in any way in the performance of the prophetic duties. Therefore, only a foolish person could say that this explanatory work had no legal value at all. Allah Himself has said in Surah An-Nahl, Ayat 44: And O**

**Prophet, We have sent down this admonition to you so that you may make plain and explain to the people the teaching which has been sent for them. (For explanation, see E.N. 40 of Surah An-Nahl). And at four places in the Quran Allah has stated that the Prophet's task was not only to recite the verses of the Book of Allah but also to teach the Book. (Surah Al-Baqarah, Ayats 129, 151; Surah Aal-Imran, Ayat 164; Surah Al-Jumuah, Ayat 2. We have fully explained all these verses at pp. 74-77 of *Sunnat ki Aaini Haithiyat*. After this, how can a believer of the Quran deny that the Quran's correct and authoritative, as a matter of fact official, explanation is only that which the Prophet (peace be upon him) has given by his word and deed, for it is not his personal explanation but the explanation given by the God Who sent down the Quran to him. Apart from this, or leaving this aside any person who explains a verse, or a word, of the Quran according to his personal whim and desire, commits a boldness which no true believer could ever commit.**

**Thirdly, even if a person has read the Quran only cursorily, he cannot help feeling that there are many things in it whose actual meaning and intention cannot be understood by a reader of Arabic only from the words of the Quran, nor can he know how to act on the commands enjoined in them. Take the word *salat* for instance. The act which has been most stressed by the Quran after the affirmation of faith is the act of *salat*. But no man only with the help of the dictionary can determine its actual meaning. At the most what one can understand from the way it has been**

**repeatedly mentioned in the Quran is that this Arabic word has been used in some special terminological sense, and it probably implies some special act which the believers are required to perform. But merely by reading the Quran no reader of Arabic can determine what particular act it is, and how it is to be performed. The question: If the Sender of the Quran had not appointed a teacher from Himself and explained to him the precise and exact meaning of this term and taught him the method in full detail of implementing the command of *salat*, could there be even two Muslims in the world who would have agreed on one method of acting on the command of *salat* just by reading the Quran. The reason why Muslims have been performing *salat* in one and the same way, generation after generation, for more than 1500 years, and the way millions and millions of Muslims are carrying out the command of *salat* similarly in every part of the world, is that Allah had not only revealed the words of the Quran to His Messenger (peace be upon him) but had also explained to him fully the meaning of those words and the same meaning he taught to the people who accepted the Quran as the Book of Allah and him as the Messenger (peace be upon him) of Allah.**

**Fourthly, the means of knowing the explanation of the words of the Quran that Allah taught His Messenger (peace be upon him) and the Messenger (peace be upon him) his ummah by word and deed, is none but the Hadith and the sunnah, The Hadith implies the traditions which the earliest followers passed on to the later generations about the sayings and acts of the Messenger (peace be upon him)**

**on sound authority, and the sunnah implies the way of life which became prevalent in the individual and collective life of the Muslims by the Messenger's (peace be upon him) oral and practical teaching, the details of which have been bequeathed by the former to the latter generations by reliable traditions as well as seen by them practically in the life of the earliest followers. The person who refuses to acknowledge this means of knowledge, in fact, says that Allah after taking the responsibility of explaining the meaning of the Quran to His Messenger (peace be upon him) had, God forbid, failed to fulfill His promise. For this responsibility had not been taken to explain the meaning only to the Messenger in his personal capacity but for the purpose that the ummah also be made to understand the meaning of the divine Book through the agency of the Messenger (peace be upon him). And as soon as the Hadith and the sunnah are denied to be a source of law, it virtually amounts to saying that Allah has failed to carry out His responsibility. May Allah protect us froth such blasphemy. To the one who argues that many people had also fabricated Hadith, we would say that fabrication of Hadith itself is a major proof of the fact that in the beginning the entire ummah gave the sayings and acts of the Messenger (peace be upon him) the status of law, otherwise why should the people who wanted to spread error have fabricated false Hadith. For only those coins are counterfeited which are current in the bazaar; nobody would print paper currency which had no value in the bazaar. Then, those who say such a thing perhaps do not**

know that this ummah had seen to it from the very beginning that no falsehood was ascribed to the holy man whose sayings and acts had the status of law, and as the danger of ascribing false things to him increased, the well-wishers of the ummah made greater efforts to distinguish the genuine from the counterfeit. The science of distinguishing the genuine from the false traditions is a unique science invented and developed only by the Muslims. Unfortunate indeed are those who without acquiring this science are being misled by the western orientalists to look upon the Hadith and the sunnah as un-authentic and unreliable and do not realize how grievously they are harming Islam by their foolhardiness.

13*اِس سے گمان ہوتا ہے ، اور بعض اکابر مفسرین نے بھی اِس گمان کا اظہار کیا ہے، کہ غالباً ابتدائی زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نزولِ وحی کے دوران ہی میں قرآن کی کسی آیت یا کسی لفظ یا کسی حکم کا مفہوم بھی جبرئیل علیہ السلام سے دریافت کر لیتے تھے، اس لیے حضورؐ کو نہ صرف یہ ہدایت کی گئی کہ جب وحی نازل ہو رہی ہو اس وقت آپ خاموشی سے اس کو سنیں، اور نہ صرف یہ اطمینان دلایا گیا کہ اُس کا لفظ لفظ ٹھیک ٹھیک آپ کے حافظہ میں محفوظ کر دیا جائے گا اور قرآن کو آپ ٹھیک اُسی طرح پڑھ سکیں گے جس طرح وہ نازل ہوا ہے۔ بلکہ ساتھ ساتھ یہ وعدہ بھی کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ کے ہر حکم اور ہر ارشاد کا منشا اور مدّعا بھی پوری طرح آپ کو سمجھا دیا جائے گا۔

یہ ایک بڑی اہم آیت ہے جس سے چند ایسی اصولی باتیں ثابت ہوتی ہیں جنہیں اگر آدمی اچھی طرح سمجھ لے تو اُن گمراہیوں سے بچ سکتا ہے جو پہلے بھی بعض لوگ پھیلاتے رہے ہیں اور آج بھی پھیلا رہے ہیں۔

اوّلاً، اِس سے صریح طور پر ثابت ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صرف وُہی وَحی نازل نہیں ہوتی تھی جو قرآن میں درج ہے، بلکہ اس کے علاوہ بھی وَحی کے ذریعہ سے آپ کو ایسا علم دیا جاتا تھا جو قرآن میں

درج نہیں ہے۔ اس لیے کہ قرآن کے احکام و فرامین، اُس کے اشارات، اُس کے الفاظ اور اس کی مخصوص اصطلاحات کا جو مفہوم و مدعا حضورؐ کو سمجھایا جاتا تھا وہ اگر قرآن ہی میں درج ہوتا تو یہ کہنے کی کوئی ضرورت نہ تھی کہ اس کا مطلب سمجھا دینا یا اس کی تشریح کر دینا بھی ہمارے ہی ذمہ ہے، کیونکہ وہ تو پھر قرآن ہی میں مل جاتا۔ لہٰذا یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ مطالبِ قرآن کی تفہیم و تشریح جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کی جاتی تھی وہ بہر حال الفاظِ قرآن کے ماسوا تھی۔ یہ وحی خفی کا ایک اور ثبوت ہے جو ہمیں قرآن سے ملتا ہے (قرآن مجید سے اس کے مزید ثبوت ہم نے اپنی کتاب "سنت کی آئینی حیثیت" میں صفحات ۹۴۔۹۵۔ اور صفحات ۱۱۸ تا ۱۲۵ میں پیش کر دیے ہیں)۔

ثانیاً، قرآن کے مفہوم و مدعا اور اس کے احکام کی یہ تشریح جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتائی گئی تھی آخر اِسی لیے تو بتائی گئی تھی کہ آپ اپنے قول اور عمل سے اُس کے مطابق لوگوں کو قرآن سمجھائیں اور اس کے احکام پر عمل کرنا سکھائیں۔ اگر یہ اُس کا مدعا نہ تھا اور یہ تشریح آپ کو صرف اس لیے بتائی گئی تھی کہ آپ اپنی ذات کی حد تک اس علم کو محدود رکھیں تو یہ ایک بے کار کام تھا، کیونکہ فرائض نبوت کی ادائیگی میں اِس سے کوئی مدد نہیں مل سکتی تھی۔ اس لیے صرف ایک بیوقوف آدمی ہی یہ کہہ سکتا ہے کہ تشریحی علم سرے سے کوئی تشریعی حیثیت نہ رکھتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے خود سورہ نحل آیت ۴۴ میں فرمایا ہے وَاَنۡزَلۡنَاۤ اِلَیۡکَ الذِّکۡرَ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَیۡهِمۡ، "اور اے نبی، یہ ذکر ہم نے تم پر اس لیے نازل کیا ہے تاکہ تم لوگوں کے سامنے اُس تعلیم کی تشریح و توضیح کرتے جاؤ جو اُن کے لیے اُتاری گئی ہے"۔ تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد دوم، النحل، حاشیہ ۴۰۔ اور قرآن میں چار جگہ اللہ تعالیٰ نے صراحت فرمائی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کام صرف کتاب اللہ کی آیات سنا دینا ہی نہ تھا بلکہ اِس کتاب کی تعلیم دینا بھی تھا۔ (البقرہ، آیات ۱۲۹، ۱۵۱۔ آلِ عمران، ۱۶۴۔ الجمعہ، ۲۔ ان سب آیات کی تشریح ہم "سنت کی آئینی حیثیت" میں صفحہ ۷۴ سے ۷۷ تک تفصیل کے ساتھ کر چکے ہیں) اس کے بعد کوئی ایسا آدمی جو قرآن کو مانتا ہو اس بات کو تسلیم کرنے سے کیسے انکار کر سکتا ہے کہ قرآن کی صحیح و مستند، بلکہ فی الحقیقت سرکاری

تشریح صرف وہ ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول اور عمل سے فرمادی ہے، کیونکہ وہ آپ کی ذاتی تشریح نہیں ہے بلکہ خود قرآن کے نازل کرنے والے خدا کی بتائی ہوئی تشریح ہے۔ اس کو چھوڑ کر یا اُس سے ہٹ کر جو شخص بھی قرآن کی کسی آیت یا اس کے کسی لفظ کا کوئی من مانا مفہوم بیان کرتا ہے وہ ایسی جسارت کرتا ہے جس کا ارتکاب کوئی صاحب ایمان آدمی نہیں کر سکتا۔

ثالثاً، قرآن کا سرسری مطالعہ بھی اگر کسی شخص نے کیا ہو تو وہ یہ محسوس کیے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اس میں بکثرت باتیں ایسی ہیں جنہیں ایک عربی داں آدمی محض قرآن کے الفاظ پڑھ کر یہ نہیں جان سکتا کہ اُن کا حقیقی مدعا کیا ہے اور اُن میں جو حکم بیان کیا گیا ہے اس پر کیسے عمل کیا جائے۔ مثال کے طور پر لفظ صلوٰۃ ہی کو لے لیجیے۔ قرآن مجید میں ایمان کے بعد اگر کسی عمل پر سب سے زیادہ زور دیا گیا ہے تو وہ صلوٰۃ ہے۔ لیکن محض عربی لغت کی مدد سے کوئی شخص اس کا مفہوم تک متعین نہیں کر سکتا۔ قرآن میں اس کا ذکر بار بار دیکھ کر زیادہ سے زیادہ جو کچھ وہ سمجھ سکتا ہے وہ یہ ہے کہ عربی زبان کے اِس لفظ کو کسی خاص اصطلاحی معنی میں استعمال کیا گیا ہے، اور اس سے مراد غالباً کوئی خاص فعل ہے جسے انجام دینے کا اہل ایمان سے مطالبہ کیا جارہا ہے۔ لیکن صرف قرآن کو پڑھ کر کوئی عربی داں یہ طے نہیں کر سکتا کہ وہ خاص فعل کیا ہے اور کس طرح اسے ادا کیا جائے۔ سوال یہ ہے کہ اگر قرآن کے بھیجنے والے نے اپنی طرف سے ایک معلم کو مقرر کر کے اپنی اِس اصطلاح کا مفہوم اُسے ٹھیک ٹھیک نہ بتایا ہوتا اور صلوٰۃ کے حکم کی تعمیل کرنے کا طریقہ پوری وضاحت کے ساتھ اسے نہ سکھا دیا ہوتا، تو کیا صرف قرآن کو پڑھ کر دنیا میں کوئی دو مسلمان بھی ایسے ہو سکتے تھے جو حکمِ صلوٰۃ پر عمل کرنے کی کسی ایک شکل پر متفق ہو جاتے؟ آج ڈیڑھ ہزار برس سے مسلمان جس طرح نماز کے حکم پر یکساں عمل کر رہے ہیں، اس کی وجہ یہی تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صرف قرآن کے الفاظ ہی وحی نہیں فرمائے تھے بلکہ ان الفاظ کا مطلب بھی آپ کو پوری طرح سمجھا دیا تھا، اور اسی مطلب کی تعلیم آپ اُن سب لوگوں کو دیتے چلے گئے جنہوں نے قرآن کو اللہ کی کتاب اور آپ کو اللہ کا رسول مان لیا۔

رابعاً، قرآن کے الفاظ کی جو تشریح اللہ نے اپنے رسولؐ کو بتائی اور رسولؐ نے اپنے قول اور عمل سے اس کی جو

تعلیم امت کو دی، اس کو جاننے کا ذریعہ ہمارے پاس حدیث و سنت کے سوا اور کوئی نہیں ہے۔ حدیث سے مراد وہ روایات ہیں جو حضورؐ کی قولی و عملی تعلیم سے مُسلم معاشرے کی انفرادی و اجتماعی زندگی میں رائج ہوا، جس کی تفصیلات معتبر روایتوں سے بھی بعد کی نسلوں کو اگلی نسلوں سے ملیں، اور بعد کی نسلوں نے اگلی نسلوں میں اس پر عملدرآمد ہوتے بھی دیکھا۔ اِس ذریعہ علم کو قبول کرنے سے جو شخص انکار کرتا ہے وہ گویا یہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ فرما کر قرآن کا مطلب اپنے رسول کو سمجھا دینے کی جو ذمہ داری لی تھی۔ اسے پورا کرنے میں معاذ اللہ وہ ناکام ہوگیا، کیونکہ یہ ذمہ داری محض رسولؐ کو ذاتی حیثیت سے مطلب سمجھا نے کے لیے نہیں لی گئی تھی، بلکہ اس غرض کے لیے لی گئی تھی کہ رسولؐ کے ذریعہ سے اُمت کو کتابِ الٰہی کا مطلب سمجھایا جائے، اور حدیث و سنت کے ماخذِ قانون ہونے کا انکار کرتے ہی آپ سے آپ یہ لازم آجاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اِس ذمہ داری کو پورا نہیں کر سکا ہے، اعاذنا اللہ من ذالک۔ اس کے جواب میں جو شخص یہ کہتا ہے کہ بہت سے لوگوں نے حدیثیں گھڑ بھی تو لی تھیں، اُس سے ہم کہیں گے کہ حدیثوں کا گھڑا جانا خود اس بات کا سب سے بڑا ثبوت ہے کہ آغازِ اسلام میں پوری امت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و اعمال کو قانون کا درجہ دیتی تھی، ورنہ آخر گمراہی پھیلانے والوں کو جھوٹی حدیثیں گھڑنے کی ضرورت ہی کیوں پیش آئی؟ جعل ساز لوگ وہی سکے تو جعلی بناتے ہیں جن کا بازار میں چلن ہو۔ جن نوٹوں کی بازار میں کوئی قیمت نہ ہو انہیں کون بیوقوف جعلی طور پر چھاپے گا؟ پھر ایسی بات کہنے والوں کو شاید یہ معلوم نہیں ہے کہ اِس امت نے اول روز سے اِس بات کا اہتمام کیا تھا کہ جس ذات پاکؐ کے اقوال و افعال قانون کا درجہ رکھتے ہیں اس کی طرف کوئی غلط بات منسوب نہ ہونے پائے، اور جتنا جتنا غلط باتوں کے اُس ذات کی طرف منسوب ہونے کا خطرہ بڑھتا گیا اتنا ہی اِس امت کے خیر خواہ اِس بات کا زیادہ سے زیادہ اہتمام کرتے چلے گئے کہ صحیح کو غلط سے ممیز کیا جائے۔ صحیح و غلط روایات کی تمیز کا یہ علم ایک بڑا عظیم الشان علم ہے جو مسلمانوں کے سوا دنیا کی کسی قوم نے آج تک ایجاد نہیں کیا ہے۔ سخت بد نصیب ہیں وہ لوگ جو اس علم کو حاصل کیے بغیر مغربی مستشرقین کے بہکائے میں آکر حدیث و سنت کو ناقابلِ اعتبار ٹھیراتے ہیں اور نہیں جانتے کہ اپنی اِس جاہلانہ جسارت سے وہ اسلام کو کتنا بڑا نقصان پہنچا رہے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 20. By no means, *14 but you love the worldly life. | ہرگز نہیں، *14 بلکہ تم محبت رکھتے ہو دنیا کی زندگی سے۔ | كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ۙ ﴿۲۰﴾ |

*14 The theme is again resumed from where it was interrupted by the parenthesis. Nay implies: You deny the Hereafter not because you regard the Creator of the universe as helpless to bring about Resurrection and raise the dead, but because of this and this other reason.

*14 یہاں سلسلہ کلام پھر اُسی مضمون کے ساتھ جڑ جاتا ہے جو بیچ کے جملہ معترضہ سے پہلے چلا آرہا تھا۔ ہرگز نہیں کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے انکارِ آخرت کی اصل وجہ یہ نہیں ہے کہ تم خالقِ کائنات کو قیامت برپا کرنے اور موت کے بعد دوبارہ زندہ کر دینے سے عاجز سمجھتے ہو، بلکہ اصل وجہ یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 21. And leave the Hereafter. *15 | اور چھوڑے دیتے ہو آخرت کو *15۔ | وَ تَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ؕ ﴿۲۱﴾ |

*15 This is the second reason for denying the Hereafter, the first being the one mentioned in verse 5 above, saying: Since man wants to avoid the moral restrictions which are inevitably imposed by the belief in the Hereafter, his selfish motives, in fact, urge him to deny the Hereafter, and then he tries to present arguments in order to rationalize his denial. Now, the second reason being presented is that the deniers of the Hereafter are narrow-minded and shortsighted; for them only those results are all important, which appear in this world, and they do not give any importance to those effects which will appear in the Hereafter. They think that they should spend all their labor and effort in attaining whatever benefits, pleasures or joys they can attain here, for if one attained this, one attained

**everything, no matter what evil end this might lead to in the Hereafter. Likewise, they think that the loss or trouble or grief that can afflict one here is a thing that one must avoid, no matter how great a reward it might earn one in the Hereafter if one endured it here. They are only interested in the cash bargain. For the sake of as remote a thing as the Hereafter they can neither abandon a profit nor suffer a loss today. With this mode of thought when they discuss the question of the Hereafter rationally, it is not true rationalism but a mode of thinking because of which they are resolved not to acknowledge the Hereafter in any case even if their conscience might be crying froth within that the arguments for the possible occurrence and necessity of the Hereafter given in the Quran are highly rational and their own reasoning against it is very weak.**

**15***وہ انکار آخرت کی دوسری وجہ ہے پہلی وجہ آیت نمبر ۵ میں بیان کی گئی تھی کہ انسان چونکہ فجور کی کھلی چھوٹ چاہتا ہے اور ان اخلاقی پابندیوں سے بچنا چاہتا ہے جو آخرت کو ماننے سے لازماً اس پر عائد ہوتی ہیں اس لیے دراصل خواہشات نفس اسے انکار آخرت پر اُبھارتی ہیں اور پھر وہ عقلی دلیلیں بگھارتا ہے تاکہ اپنے اس انکار کو معقول ثابت کرے اب دوسری وجہ یہ بیان کی جارہی ہے منکرینِ آخرت چونکہ تنگ نظر اور کوتاہ بین ہیں اس لیے اُن کی نگاہ میں ساری اہمیت انہیں نتائج کی ہیں جو اسی دنیا میں ظاہر ہوتے ہیں اور اُن نتائج کو وہ کوئی اہمیت نہیں دیتے جو آخرت میں ظاہر ہونے والے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ جو فائدہ یا لذت یا خوشی یہاں حاصل ہو جائے اسی کی طلب میں ساری محنتیں اور کوششیں کھپا دینی چاہییں کیونکہ اسے پالیا تو گویا سب کچھ پالیا، خواہ آخرت میں اس کا انجام کتنا ہی برا ہو۔ اسی طرح ان کا خیال یہ ہے کہ جو نقصان یا تکلیف یا رنج وغم یہاں پہنچ جائے وہی دراصل بچنے کے قابل چیز ہے، قطعِ نظر اس سے کے اُس کو برداشت کر لینے کا کتنا ہی بڑا اجر آخرت میں مل سکتا ہو وہ نقد سودا چاہتے ہیں آخرت جیسی دور کی چیز کے لیے وہ نہ آج کے کسی نفع کو چھوڑ

سکتے ہیں نہ کسی نقصان کو گوارا کر سکتے ہیں اس اندازِ فکر کے ساتھ جب وہ آخرت کے مسئلے پر عقلی بحثیں کرتے ہیں تو دراصل وہ خالص عقلیت نہیں ہوتی بلکہ اس کے پیچھے یہ اندازِ فکر کام کر رہا ہوتا ہے جس کی وجہ سے ان کا فیصلہ بہر حال یہی ہوتا ہے کہ آخرت کو نہیں ماننا ہے، خواہ اندر سے ان کا ضمیر پکار پکار کر کہہ رہا ہو کہ آخرت کے امکان وقوع اور وجوب کی جو دلیلیں قرآن میں دی گئی ہیں وہ نہایت معقول ہیں اور اس کے خلاف جو استدلال وہ کر رہے ہیں وہ نہایت بودا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 22. (Some) faces that Day shall be radiant. *16 | (بعض) چہرے اس دن ہوں گے بارونق۔ *16 | وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۙ ﴿٢٢﴾ |

*16 Some faces shall be radiant; will be beaming with joy and delight, for the Hereafter which they had believed in, will be before them precisely accordingly to their belief. Thus, when they see the Hereafter for the sake of which they had given up the unlawful benefits of the world and suffered the lawful losses, actually established before their very eyes, they will have the satisfaction that they had made the correct decision about their way of life, and the time had come when they would enjoy its best and plentiful fruits.

*16 یعنی خوشی سے دمک رہے ہونگے، کیونکہ جس آخرت پر وہ ایمان لائے تھے وہ ٹھیک اُن کے یقین کے مطابق سامنے موجود ہوگی، اور جس آخرت پر ایمان لا کر انہوں نے دنیا کے ناجائز فائدے چھوڑے اور بر حق نقصان برداشت کیے تھے اس کو فی الواقع اپنی آنکھوں کے سامنے برپا ہوتے دیکھ کر انہیں یہ اطمینان حاصل ہو جائے گا کہ انہوں نے اپنے رویہ زندگی کے متعلق بالکل صحیح فیصلہ کیا تھا، اب وہ وقت آگیا ہے جب وہ اس کا بہترین انجام دیکھیں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| 23. Toward their Lord, looking at. *17 | اپنے رب کیطرف دیکھتے ہوں گے۔ *17 | اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۚ ﴿٢٣﴾ |

*17 Some commentators have understood this allegorically. They say that the words looking towards someone are used idiomatically for having expectations from some one, awaiting his decision and hoping for his mercy and kindness: so much so that even a blind person also says that he is looking towards some one in the hope to see how he helps him. But in a large number of the Ahadith the commentary that has been reported of it from the Prophet (peace be upon him) is that in the Hereafter the illustrious servants of Allah will be blessed with the vision of their Lord. According to a tradition in Bukhari: You will openly see your Lord. Muslim and Tirmidhi have related on the authority of Suhaib that the Prophet (peace be upon him) said: When the righteous people enter Paradise, Allah will ask them: Do you want that I should bless you with something more? They will answer: Have You not made our faces bright: Have You not admitted us into Paradise and saved us from Hell? Thereupon, Allah will remove the curtain and none of the blessings that they had been blessed with until then will be dearer to them than that they should be blessed with the vision of their Lord. And this very reward is the additional reward about which the Quran says: Those who have done excellent works, will get excellent rewards, and even something in addition to that. (Surah Younus, Ayat 26). Bukhari and Muslim have related, on the authority of Abu Saeed Khudri and Abu Hurairah: The people asked: O Messenger of Allah, shall we see our Lord on the Day of Resurrection. The Messenger (peace be upon him) replied: Do you find any

**difficulty in seeing the sun and the moon when there is no cloud in between? They said that they did not. The Messenger (peace be upon him) said: Likewise, you will see you Lord. Another tradition bearing almost on the same subject has been reported in Bukhari and Muslim from Jarir bin Abdullah, Imam Ahmad, Tirmidhi, Daraqutni, lbn Jarir, Ibn AlMundhir, Tabarani, Baihaqi, Ibn Abi Shaibah and some other traditionists have related, with a little variation in wordings a tradition from Abdullah bin Umar, saying: The man of the lowest rank among the dwellers of Paradise will see the vastness of his kingdom up to a distance covered in two thousand years, and the people of the highest rank among them will see their Lord twice daily. Then, the Prophet (peace be upon him) recited this verse: On that Day some faces shall be radiant, looking towards their Lord. A tradition in Ibn Majah from Jabir bin Abdullah is to the effect: AIIah will look towards them, and they will look towards Allah. Then, until Allah hides Himself from them, they will not pay attention to any other blessing of Paradise, and will continue to look towards Him. On the basis of this and many other traditions, the followers of the sunnah almost unanimously understand this verse in the meaning that in the Hereafter the dwellers of Paradise will be blessed with the vision of Allah, and this is supported by this verse of the Quran too: Nay, surely on that Day they (the sinners) shall be kept away from their Lord's vision. (Surah Al-Mutaffifin, Ayat 15). From this one can automatically conclude that this deprivation will be the lot of the sinners, not of the righteous.**

**Here, the question arises how can man ever see God? A thing is seen when it is there in a particular direction, place, form and color, and the rays of light are reflected from it to the eye of man and its image is conveyed from the eye to the sight area in the brain. Is it ever conceivable with regard to the Being of Allah, Lord of the Universe, that man would be able to see Him in this way? But this question, in fact, springs from a grave misunderstanding. It does not take into account the distinction between two things: the essence of seeing and the specific form of the occurrence of the act of seeing with which we are familiar in the world. The essence of seeing is that the seer should be characterized by the power of sight: he should not be blind, and the thing to be seen should be manifest to him, not hidden from him. But in the world what we experience and observe is only the specific form of seeing in which a man or an animal practically sees something, and for this it is necessary that the seer should have an organ called the eye in his body, the eye should have the power of sight, it should have a physically bounded, colored object before it, which should reflect rays of light to the eye, and the eye should be able to receive its image. Now, if a person thinks that the practical demonstration of the essence of seeing can take place only in the form with which we are familiar in the world, he would be only showing the narrowness of his own mental outlook; otherwise there can be in the Kingdom of God countless ways of seeing, which we cannot even imagine. The one who disputes this should tell us whether his God is seeing or blind. If He is seeing and sees His whole Universe**

**and everything in it, does He see all this with an organ called the eye with which men and animals see things in the world, and does the act of seeing issue forth from Him as it issues forth from us? Obviously, the answer to this is in the negative, and when it is so, why should a sensible man find it difficult to understand that in the Hereafter the dwellers of Paradise will not see Allah in the specific form in which man sees something in the world, but their nature of seeing will be different, which we cannot comprehend here. The fact is that it is even more difficult for us to understand the nature of the Hereafter precisely and accurately than it is for a two-year-old child to understand what matrimonial life is, whereas he himself will experience it when he grows up.**

17*مفسرین میں سے بعض نے اسے مجازی معنی میں لیا ہے وہ کہتے ہیں کہ کسی کی طرف دیکھنے کے الفاظ محاورے کے طور پر اُس سے توقعات وابستہ کرنے، اس کے فیصلہ کا انتظار کرنے، اس کے کرم کا امید وار ہونے کے معنی میں بولے جاتے ہیں، حتٰی کہ ایک اندھا بھی یہ کہتا ہے کہ میری نگاہیں تو فلاں شخص کی طرف لگی ہوئی ہے کہ وہ میرے لیے کیا کرتا ہے ۔ لیکن بکثرت احادیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی جو تفسیر منقول ہے وہ یہ ہے کہ آخرت میں اللہ کے مقرب بندوں کو اپنے رب کا دیدار نصیب ہوگا۔ بخاری کی روایت ہے کہ اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ عِيَاناً۔ "تم اپنے رب کو علانیہ دیکھو گے۔" مسلم اور ترمذی میں حضرت صہیب کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا جب جنتی لوگ جنت میں داخل ہو جائیں گے تو اللہ تعالیٰ ان سے دریافت فرمائے گا کہ کیا تم چاہتے ہو کہ میں تمہیں مزید کچھ دُوں؟ وہ عرض کریں گے کہ کیا آپ نے ہمارے چہرے روشن نہیں کر دیے؟ کیا آپ نے ہمیں جنت میں داخل نہیں کر دیا اور جہنم سے بچا نہیں لیا؟ اس پر اللہ تعالیٰ پردہ ہٹا دے گا اور ان لوگوں کو جو کچھ انعامات ملے تھے ان میں سے کوئی انعام بھی

انہیں اس سے زیادہ محبوب نہ ہوگا کہ وہ اپنے رب کی دید سے مشرف ہوں، اور یہی وہ مزید انعام ہے جس کے متعلق قرآن میں فرمایا گیا ہے کہ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ یعنی ”جن لوگوں نے نیک عمل کیا ان کے لیے اچھا اجر ہے اور اس پر مزید بھی “۔(یونس۔۲۶) بخاری و مسلم میں حضرت ابو سعید خدری اور حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ لوگوں نے پوچھا یا رسول اللہ، کیا ہم قیامت کے روز اپنے رب کو دیکھیں گے؟ حضورؐ نے فرمایا کیا تمہیں سورج اور چاند کو دیکھنے میں کوئی دقت ہوتی ہے جبکہ بیچ میں بادل بھی نہ ہوں؟ لوگوں نے عرض کیا، نہیں۔ آپ نے فرمایا اسی طرح تم اپنے رب کو دیکھو گے۔ اس مضمون سے ملتی جلتی ایک اور روایت بخاری و مسلم میں حضرت جریر بن عبد اللہ سے مروی ہے۔ مسند احمد، ترمذی، دار قطنی، ابنِ جریر ابن المنذر، طبرانی، بیہقی، ابن ابی شیبہ اور بعض دوسرے محدثین نے تھوڑے لفظی اختلافات کے ساتھ حضرت عبد اللہ بن عمر کی روایت نقل کی ہے جس کا مضمون یہ ہے کہ اہلِ جنت میں کم سے کم درجہ کا جو آدمی ہو گا وہ اپنی سلطنت کی وسعت دو ہزار سال کی مسافت تک دیکھے گا، اور ان میں سب سے زیادہ فضیلت رکھنے والے لوگ ہر روز دو مرتبہ اپنے رب کو دیکھیں گے پھر حضورؐ نے یہی آیت پڑھی کہ ”اُس روز کچھ چہرے ترو تازہ ہونگے، اپنے رب کی طرف دیکھ رہے ہونگے“۔ ابن ماجہ میں حضرت جابر بن عبد اللہ کی روایت ہے کہ اللہ ان کی طرف دیکھے گا اور وہ اللہ کی طرف دیکھیں گے، پھر جب تک اللہ ان سے پردہ نہ فرمالے گا اس وقت تک وہ جنت کی کسی نعمت کی طرف توجہ نہ کریں گے اور اسی کی طرف دیکھتے رہیں گے۔ یہ اور دوسری بہت سی روایات ہیں جن کی بنا پر اہلسنت قریب قریب بالاتفاق اس آیت کا یہی مطلب لیتے ہیں کہ آخرت میں اہلِ جنت اللہ تعالیٰ کے دیدار سے مشرف ہونگے۔ اور اس کی تائید قرآن مجید کی اس آیت سے بھی ہوتی ہے کہ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ”ہر گز نہیں، وہ (یعنی فجار) اس روز اپنے رب کی دید سے محروم ہونگے“ (المطففین۔۱۵)۔ اس سے خود بخود یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ یہ محرومی فجار کے لیے ہوگی نہ کہ ابرار کے لیے۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر انسان خدا کو دیکھ کیسے سکتا ہے؟ دیکھنے کے لیے تو لازم ہے کہ کوئی چیز کسی

خاص جہت، مقام، شکل اور رنگ میں سامنے موجود ہو، روشنی کی شعاعیں اُس سے منعکس ہوکر انسان کی آنکھ پر پڑیں اور آنکھ سے دماغ کے مرکزِ بینائی تک اس کی تصویر منتقل ہو۔ کیا اللہ رب العالمین کی ذات کے متعلق اِس طرح قابلِ دید ہونے کا تصور بھی کیا جاسکتا ہے کہ انسان اس کو دیکھ سکے؟ لیکن یہ سوال دراصل ایک بڑی غلط فہمی پر مبنی ہے۔ اس میں دو چیزوں کے درمیان فرق نہیں کیا گیا ہے۔ ایک چیز ہے دیکھنے کی حقیقت اور دوسری چیز ہے دیکھنے کا فعل صادر ہونے کی خاص صورت جس سے ہم اِس دنیا میں آشنا ہیں۔ دیکھنے کی حقیقت یہ ہے کہ دیکھنے والے میں بینائی کی صفت موجود ہو، وہ نابینا نہ ہو، اور دیکھی جانے والی چیز اُس پر عیاں ہو، اس سے مخفی نہ ہو۔ لیکن دنیا میں ہم کو جس چیز کا تجربہ اور مشاہدہ ہوتا ہے وہ صرف دیکھنے کی وہ خاص صورت ہے جس سے کوئی انسان یا حیوان بالفعل کسی چیز کو دیکھا کرتا ہے، اور اس کے لیے لا محالہ یہ ضروری ہے کہ دیکھنے والے کے جسم میں آنکھ نامی ایک عضو موجود ہو، اُس عضو میں بینائی کی طاقت پائی جاتی ہو، اُس کے سامنے ایک ایسی محدُود مجسّم رنگ دار چیز حاضر ہو جس سے روشنی کی شعاعیں منعکس ہوکر آنکھ پر پڑیں، اور آنکھ میں اس کی شکل سما سکے۔ اب اگر کوئی شخص یہ سمجھتا ہے کہ دیکھنے کی حقیقت کا عملی ظہور صرف اُسی خاص صورت میں ہو سکتا ہے جس سے ہم اِس دنیا میں واقف ہیں تو یہ خود اُس کے اپنے دماغ کی تنگی ہے، ورنہ درحقیقت خدا کی خدائی میں دیکھنے کی ایسی بیشمار صورتیں ممکن ہیں جن کا ہم تصوّر بھی نہیں کر سکتے۔ اس مسئلے میں جو شخص الجھتا ہے وہ خود بتائے کہ اس کا خدا بینا ہے یا نابینا؟ اگر وہ بینا ہے اور اپنی ساری کائنات اور اس کی ایک ایک چیز کو دیکھ رہا ہے تو کیا وہ اسی طرح آنکھ نامی ایک عضو سے دیکھ رہا ہے جس سے دنیا میں انسان و حیوان دیکھ رہے ہیں، اور اس سے بینائی کے فعل کا صدور اُسی طریقے سے ہو رہا ہے جس طرح ہم سے ہوتا ہے؟ ظاہر ہے کہ اس کا جواب نفی میں ہے، اور جب اس کا جواب نفی میں ہے تو آخر کسی صاحب عقل وفہم انسان کو یہ سمجھنے میں کیوں مشکل پیش آتی ہے کہ آخرت میں اہلِ جنت کو اللہ تعالیٰ کا دیدار اس مخصوص شکل میں نہیں ہوگا جس میں انسان دنیا میں کسی چیز کو دیکھتا ہے، بلکہ وہاں دیکھنے کی حقیقت کچھ اور ہوگی جس کام کا ہم یہاں ادراک نہیں کر سکتے؟ واقعہ یہ ہے کہ آخرت کے معاملات کو ٹھیک ٹھیک سمجھ لینا ہمارے لئے اس سے زیادہ مشکل ہے جتنا ایک دو برس کے بچے کے لیے یہ سمجھنا مشکل ہے کہ ازدواجی زندگی کیا

ہوتی ہے حالانکہ جوان ہو کر اسے خود اُس سے سابقہ پیش آنا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 24. And (some) faces that Day shall be gloomy. | اور (بعض) چہرے اس دن ہوں گے اداس۔ | وَ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍۭ بَاسِرَةٌ ۙ ﴿٢٤﴾ |
| 25. Thinking that there will befall upon them a thing back-breaking. | خیال کریں گے کہ آپڑے گا ان پر ایک معاملہ کمر توڑ۔ | تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ؕ ﴿٢٥﴾ |
| 26. By no means, *18 when (the soul) reaches the throat. | ہر گز نہیں، *18 جب (جان) پہنچ جائے گلے تک۔ | كَلَّاۤ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ۙ ﴿٢٦﴾ |

*18 The word Nay relates to the context, and means: You are wrong in thinking that you will be annihilated after death and you will not return to your Lord.

*18 اس "ہر گز نہیں" کا تعلق اسی سلسلہ کلام سے ہے جو اوپر سے چلا آرہا ہے، یعنی تمہارا یہ خیال غلط ہے کہ تمہیں مر کر فنا ہو جانا ہے اور اپنے رب کے حضور واپس جانا نہیں ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 27. And it is said: "is there any enchanter". *19 | اور کہا جائے، کوئی ہے جھاڑ پھونک کرنے والا۔ *19 | وَ قِيْلَ مَنْ ٜ رَاقٍ ۙ ﴿٢٧﴾ |

*19 The word *raqin* in the original may he derived from *ruqayyah*, which means resort to charming, enchanting and exercising, and also from *raqi*, which means ascending. In the first case, the meaning would be: At last, when the attendants of the patient are disappointed with every remedy and cure, they will say: Let us at least call in an enchanter, who may save him. In the second case, the meaning would be: At that time the angels will say: which

angels are to take his soul: the angels of punishment or the angels of mercy? In other words, at that very time the question will be decided in what capacity the dying one is entering the Hereafter; if he is a righteous person, the angels of mercy will take him, and if he is wicked, the angels of mercy will keep away and the angels of punishment will seize him and take him away.

19* اصل میں لفظ رَاق استعمال ہوا ہے جو رُقیہ سے بھی ماخوذ ہو سکتا ہے جس کے معنی تعویز گنڈے اور جھاڑ پھونک کے ہیں، اور رَقی سے بھی، جس کے معنی چڑھنے کے ہیں ۔ اگر پہلے معنی لیے جائیں تو مطلب یہ ہو گا کہ آخر وقت میں جب مریض کے تیمار دار ہر دوا دارو سے مایوس ہو جائیں گے تو کہیں گے کہ ارے کسی جھاڑ پھونک کرنے والے ہی کو تلاش کرو جو اس کی جان بچا لے ۔ اور اگر دوسرے معنی لیے جائیں تو مطلب یہ ہو گا کہ اس وقت فرشتے کہیں گے کہ اس روح کو کسے لے کر جانا ہے؟ ملائکہ عذاب کو یا ملائکہ رحمت کو؟ بالفاظ دیگر اسی وقت یہ فیصلہ ہو جائے گا کہ یہ مرنے والا کس حیثیت میں عالم آخرت کی طرف جا رہا ہے نیک انسان ہو گا تو ملائکہ رحمت ہی اسے لے جائیں گے، اور بد انسان ہو گا تو رحمت کے فرشتے اس کے قریب بھی نہ پھٹکیں گے اور عذاب کے فرشتے اسے گرفتار کر کے لے جائیں گے ۔

| | | |
|---|---|---|
| 28. And he thinks that it is time of separation. | اور وہ گمان کرے کہ یہ ہے جدائی کا وقت ۔ | وَّ ظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ۙ﴿۲۸﴾ |
| 29. And joins the leg to the leg. *20 | اور لپٹ جائے پنڈلی پنڈلی سے *20 ۔ | وَ الْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ۙ﴿۲۹﴾ |

*20 Some commentators have taken the word *saq* (leg, shank) in its literal meaning, thereby implying that at death one lean leg will join the other lean leg; some others have taken it metaphorically in the sense of difficulty, vehemence and hardship so as to mean: At that time one affliction will

be joined with another affliction, one of being separated from the world and all its enjoyments, and the other of being seized and taken to the Hereafter as a culprit, and this will be experienced by every disbeliever, hypocrite and sinner.

*20 مفسرین میں سے بعض نے لفظ ساق (پنڈلی) کو عام لغوی معنی میں لیا ہے اور اس کے لحاظ سے مراد یہ ہے کہ مرنے کے وقت جب ٹانگیں سوکھ کر ایک دوسری سے جڑ جائیں گی۔ اور بعض نے عربی محاورے کے مطابق اسے شدت اور سختی اور مصیبت کے معنی میں لیا ہے، یعنی اس وقت دو مصیبتیں ایک ساتھ جمع ہو جائیں گی، ایک دنیا اور اس کی ہر چیز سے جدا ہو جانے کی مصیبت اور دوسری عالم آخرت میں ایک مجرم کی حیثیت سے گرفتار ہو کر جانے کی مصیبت، جس سے ہر کافر و منافق اور ہر فاسق و فاجر کو سابقہ پیش آئے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| 30. To your Lord, that Day, is the drive. | اپنے رب کیطرف اس دن چلنا ہے۔ | اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ۨالْمَسَاقُ ؕ ﴿٣٠﴾ |
| 31. So neither he affirmed, nor prayed. | پھر نہ اسنے تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی۔ | فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ۙ ﴿٣١﴾ |
| 32. But he denied and turned away. | بلکہ اس نے جھٹلایا اور منہ پھیر لیا۔ | وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۙ ﴿٣٢﴾ |
| 33. Then he went to his kinsfolk, arrogantly. *21 | پھر چل دیا اپنے گھر والوں کے پاس اکڑتا ہوا۔ *21 | ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ؕ ﴿٣٣﴾ |

*21 It means that the one who was not prepared to believe in the Hereafter, heard all that has been described in the above verses; yet he persisted in his denial, and hearing these verses went back to his household, arrogantly.

Mujahid, Qatadah and Ibn Zaid say that this person was Abu Jahl. The words of the verse also indicate that it was some particular person, who adopted such a conduct after having heard the above-mentioned verse of Surah Al-Qiyamah. The words, He neither affirmed the truth nor offered the Prayer, are particularly noteworthy. They clearly show that the first and necessary demand of acknowledging the truth about Allah and His Messenger and Book is that one should perform the Prayer, The occasion and time to carry out the other injunctions of the divine Shariah come later but the Prayer time approaches soon after one has affirmed the faith, and then it becomes known whether what one has affirmed with the tongue was really the voice of his heart, or it was only a puff of the wind which one sent out from his mouth in the form of words.

21*مطلب یہ ہے کہ جو شخص آخرت کو ماننے کے لیے تیار نہ تھا اس نے وہ سب کچھ سنا جو اوپر کی آیات میں بیان کیا گیا ہے، مگر پھر بھی وہ اپنے انکار ہی پر اڑا رہا اور یہ آیات سننے کے بعد اکڑتا ہوا اپنے گھر کی طرف چل دیا۔ مجاہد، قتادہ اور ابنِ زید کہتے ہیں کہ یہ شخص ابوجہل تھا۔ آیت کے الفاظ سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ کوئی ایک شخص تھا جس نے سورہ القیامہ کی مذکورہ بالا آیات سننے کے بعد یہ طرزِ عمل اختیار کیا۔

اس آیت کے یہ الفاظ کہ "اس نے نہ سچ مانا اور نہ نماز پڑھی" خاص طور پر توجہ کے مستحق ہیں۔ ان سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اللہ اور اس کے رسول اور اس کی کتاب کی صداقت تسلیم کرنے کا اوّلین اور لازمی تقاضا یہ ہے کہ آدمی نماز پڑھے۔ شریعت الٰہی کے دوسرے احکام کی تعمیل کی نوبت تو بعد ہی میں آتی ہے، لیکن ایمان کے اقرار کے بعد کچھ زیادہ مدّت نہیں گزرتی کہ نماز کا وقت آجاتا ہے اور اُسی وقت یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ آدمی نے زبان سے جس چیز کے ماننے کا اقرار کیا ہے وہ واقعی اس کے دل کی آواز ہے یا محض ایک

ہوا ہے جو اُس نے چند الفاظ کی شکل میں منہ سے نکال دی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 34. Woe to you, then again woe. | افسوس تیرے اوپر، پھر افسوس ہے۔ | اَوۡلٰی لَکَ فَاَوۡلٰی ﴿۳۴﴾ |
| 35. Then woe to you then again woe. *22 | پھر افسوس تیرے اوپر، پھر افسوس *22 ۔ | ثُمَّ اَوۡلٰی لَکَ فَاَوۡلٰی ﴿۳۵﴾ |

*22 The commentators have given several meanings of the word *aula laka*: shame on you, may you perish, woe to you, may you hasten to your doom. But in our opinion, in view of the context, the most appropriate meaning is that which Hafiz Ibn Kathir has given in his commentary: When you have had the boldness to disown your Creator, then it only behooves a person like you to persist in the sort of conduct you display. This is the same sort of sarcastic remark as occurred in Surah Ad-Dukhan, Ayat 49. While meting out punishment to the culprit in Hell, it will be said: Taste this, a mighty and honorable man that you are.

*22 مفسرین نے اَوۡلٰی لَکَ کے متعدد معنی بیان کیے ہیں۔ تف ہے تجھ پر۔ ہلاکت ہے تیرے لیے۔ خرابی، یاتباہی، یا کمبختی ہے تیرے لیے۔ لیکن ہمارے نزدیک موقع و محل کے لحاظ سے اس کا مناسب ترین مفہوم وہ ہے جو حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں بیان کیا ہے کہ "جب تو اپنے خالق سے کفر کرنے کی جراءت کر چکا ہے تو پھر تجھ جیسے آدمی کو یہی چال زیب دیتی ہے جو تو چل رہا ہے۔" یہ اسی طرح کا طنزیہ کلام ہے جیسے قرآن مجید میں ایک اور جگہ فرمایا گیا ہے کہ دوزخ میں عذاب دیتے ہوئے مجرم انسان سے کہا جائے گا کہ ذُقۡ اِنَّکَ اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ الۡکَرِیۡمُ، "لے چکھ اس کا مزا، بڑا زبردست عزت دار آدمی ہے تو۔" (الدخان، ۴۹)

| | | |
|---|---|---|
| 36. Does man*23 think that he will be left neglected.*24 | کیا *23 خیال کرتا ہے انسان کہ اسے چھوڑ دیا جائے گا یونہی۔ *24 | اَیَحۡسَبُ الۡاِنۡسَانُ اَنۡ یُّتۡرَکَ سُدًی ﴿۳۶﴾ |

***23 Now, in conclusion, the same theme is being repeated with which the discourse began life-after-death is necessary as well as possible.**

*23 اب کلام کو ختم کرتے ہوئے اسی مضمون کا اعادہ کیا جا رہا ہے جس سے کلام کا آغاز کیا گیا تھا، یعنی زندگی بعدِ موت ضروری بھی ہے اور ممکن بھی۔

***24 The word *suda* when used with regard to a camel implies a camel who is wandering aimlessly, grazing at will, without there being anybody to look after him. Thus, the verse means: Does man think that he has been left to himself to wander at will as if his Creator had laid no responsibility on him, had imposed no duty on him, had forbidden nothing to him, that at no time in future he would be required to account for his deeds. This same theme has been expressed in Surah Al-Mominoon, Ayat 115 thus: On the Day of Resurrection, Allah will ask the disbelievers: Did you think that We had created you without any purpose, and that you would never be brought back to Us. At both these places the argument for the necessity of the life hereafter has been presented as a question. The question means: Do you really think that you are no more than mere animals? Don't you see the manifest difference between yourself and the animal. The animal has been created without the power of choice and authority, but you have been blessed with the power of choice and authority; there is no question of morality about what the animal does, but your acts are necessarily characterized by good and evil. Then, how did you take it into your head that you had been created irresponsible and unanswerable as the animal has been? Why the animal will not be**

**resurrected, is quite understandable. The animal only fulfilled the fixed demands of its instinct, it did not use its intellect to propound a philosophy; it did not invent a religion; it did not take anyone its god nor became a god for others; it did nothing that could be called good or bad; it did not enforce a good or bad way of life, which would influence others, generation after generation, so that it should deserve a reward or punishment for it. Hence, if it perished to annihilation, it would be understandable, for it could not be held responsible for any of its acts to account for which it might need to be resurrected. But how could you be excused from life-after-death when right till the time of your death you continued to perform moral acts, which your own intellect judged as good or bad and worthy of reward or punishment? Should a man who killed an innocent person, and then fell a victim to a sudden accident immediately after it, go off free and should never be punished for the crime of murder he committed? Do you really feel satisfied that a man, who sowed corruption and iniquity in the world, which entailed evil consequences for mankind for centuries after him, should himself perish like an insect; or a grasshopper, and should never be resurrected to account for his misdeeds, which corrupted the lives of hundreds of thousands of human beings after him? Do you think that the man, who struggled throughout his life for the cause of truth and justice, goodness and peace, and suffered hardships for their sake, was a creation of the kind of an insect, and had no right to be rewarded for his good acts.**

*24 عربی زبان میں اِبِل سُدًی اُس اونٹ کے لیے بولتے ہیں جو یونہی چھوٹا پھر رہا ہو، جدھر چاہے چرتا پھرے، کوئی اس کی نگرانی کرنے والا نہ ہو۔ اسی معنی میں ہم شتر بے مہار کا لفظ بولتے ہیں ۔ پس آیت کا مطلب یہ ہے کہ کیا انسان نے اپنے آپ کو شتر بے مہار سمجھ رکھا ہے کہ اس کے خالق نے اس زمین میں غیر ذمہ دار بنا کر چھوڑ دیا ہو؟ کوئی فرض اس پر عائد نہ ہو؟ کوئی چیز اس کے لیے ممنوع نہ ہو؟ اور کوئی وقت ایسا آنے والا نہ ہو جب اس سے اس کے اعمال کی باز پرس کی جائے؟ یہی بات ایک دوسرے مقام پر قرآن مجید میں اس طرح بیان کی گئی ہے کہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کفار سے فرمائے گا: اَفَحَسِبۡتُمۡ اَنَّمَا خَلَقۡنٰكُمۡ عَبَثًا وَّاَنَّكُمۡ اِلَيۡنَا لَا تُرۡجَعُوۡنَ۔ "کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں فضول ہی پیدا کیا ہے اور تمہیں کبھی ہماری طرف پلٹ کر نہیں آنا ہے ؟" (المومنون۔۱۱۵) ۔ ان دونوں مقامات پر زندگی بعدِ موت کے واجب ہونے کی دلیل سوال کی شکل میں پیش کی گئی ہے ۔ سوال کا مطلب یہ ہے کہ کیا واقعی تم نے اپنے آپ کو جانور سمجھ رکھا ہے؟ کیا تمہیں اپنے اور جانور میں یہ کھلا فرق نظر نہیں آتا کہ وہ بے اختیار ہیں اور تم با اختیار، اس کے افعال میں اخلاقی حسن و قبح کا سوال پیدا نہیں ہوتا اور تمہارے افعال میں یہ سوال لازماً پیدا ہوتا ہے ؟ پھر تم نے اپنے متعلق یہ کیسے سمجھ لیا کہ جس طرح جانور غیر ذمہ دار اور غیر جواب دہ ہیں ۔ اسی طرح تم بھی ہو؟ جانوروں کے دوبارہ زندہ کر کے نہ اُٹھائے جانے کی معقول وجہ تو سمجھ میں آتی ہے کہ اس نے صرف اپنی جبلت کے لگے بندھے تقاضے پورے کیے ہیں، اپنی عقل سے کام لے کر کوئی فلسفہ تصنیف نہیں کیا، کوئی مذہب ایجاد نہیں کیا، کسی کو معبود نہیں بنایا نہ خود کسی کا معبود بنا، کوئی کام ایسا نہیں کیا جسے نیک یا بد کہا جا سکتا ہو، کوئی اچھی یا بری سنت جاری نہیں کی جس کے اثرات نسل در نسل چلتے رہیں اور وہ ان پر کسی اجر یا سزا کا مستحق ہو۔ لہٰذا وہ اگر مر کر فنا ہو جائے تو یہ سمجھ میں آنے کے قابل بات ہے کیونکہ اس پر اپنے کسی عمل کی ذمہ داری عائد ہی نہیں ہوتی جس کی باز پرس کے لیے اسے دوبارہ زندہ کر کے اٹھانے کی کوئی حاجت ہو۔ لیکن تم حیات بعدِ موت سے کیسے معاف کیے جا سکتے ہو جبکہ عین اپنی موت کے وقت تک تم ایسے اخلاقی افعال کرتے رہتے ہو جن کے نیک یا بد ہونے اور جزا یا سزا کے مستوجب ہونے کا تمہاری عقل خود حکم لگاتی ہے ؟ جس آدمی نے کسی بے گناہ کو قتل کیا اور فوراً ہی اچانک کسی حادثے کا شکار ہو گیا، کیا تمہارے نزدیک اس کو نلوہ

(Scotfree) چھوٹ جانا چاہیے اور اس ظلم کا بدلہ اسے کبھی نہ ملنا چاہیے؟ جو آدمی دنیا میں کسی ایسے فساد کا بیج بو گیا جس کا خمیازہ اس کے بعد صدیوں تک انسانی نسلیں بھگتتی رہیں، کیا تمہاری عقل واقعی اس بات پر مطمئن ہے کہ اسے بھی کسی بھنگے یا ٹڈے کی طرح مر کر فنا ہو جانا چاہیے اور کبھی اٹھ کر اپنے ان کرتوتوں کی جواب دہی نہیں کرنی چاہیے جن کی بدولت ہزاروں لاکھوں انسانوں کی زندگیاں خراب ہوئیں؟ جس آدمی نے عمر بھر حق و انصاف اور خیر و صلاح کے لیے اپنی جان لڑائی ہو اور جیتے جی مصیبتیں ہی بھگتا رہا ہو کیا تمہارے خیال میں وہ بھی حشرات الارض ہی کی قسم کی کوئی مخلوق ہے جسے اپنے اس عمل کی جزا پانے کا کوئی حق نہیں ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| 37. Was he not a sperm from semen, which was emitted. | کیا نہ تھا وہ ایک قطرہ منی کا جو ٹپکایا گیا تھا۔ | اَلَمۡ يَكُ نُطۡفَةً مِّنۡ مَّنِيٍّ يُّمۡنٰى ﴿۳۷﴾ |
| 38. Then he was a blood clot, then He formed (him) then proportioned. | پھر ہوا وہ لوتھڑا پھر اس نے بنایا (اسکو) پھر درست کیا۔ | ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۳۸﴾ |
| 39. Then He made from it two kinds, the male and the female. | پھر اس نے بنا دیئے اس سے دو قسمیں۔ مرد اور عورت۔ | فَجَعَلَ مِنۡهُ الزَّوۡجَيۡنِ الذَّكَرَ وَالۡاُنۡثٰى ﴿۳۹﴾ |
| 40. Is not He Able upon giving life to the dead. *25 | کیا نہیں ہے وہ قادر اس پر کہ زندہ کر دے مردوں کو۔ *25 | اَلَيۡسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنۡ يُّحۡیِۦَ الۡمَوۡتٰى ﴿۴۰﴾ |

*25 This is an argument for the possibility of life-after-death. As for the people who believe that the whole act of creation, starting from the emission of a sperm-drop till its development into a perfect man, is only a manifestation of

**the power and wisdom of Allah, they cannot in fact refute this argument in any way, for their intellect however shamelessly and stubbornly they might behave, cannot refuse to admit that the God Who thus brings about man in the world, also has the power to bring the same man into being once again. As for those who regard this expressly wise act only as a result of accident, do not in fact have any explanation to offer, unless they are bent upon stubbornness, how in every part and in every nation of the world, from the beginning of creation till today, the birth of boys and girls has continuously been taking place in such proportion that at no time it has so happened that in some human population only males or only females might have been born and there might be no possibility of the continuation of the human race. Has this also been happening just accidentally. To make such an absurd claim one should at least be so shameless as to come out one day with the claim that London and New York, Moscow and Peking, have come into existence just accidentally. (For further explanation, see E.Ns 27 to 30 of Surah Ar-Room; E.N. 77 of Surah Ash-Shura).**

**There are several traditions to show that whenever the Prophet (peace be upon him) recited this verse, he would sometimes respond with *bala* (why not), sometimes with *Subhanaka Allahumma fa-bala* (Glorified are You, O AIlah, why not) and sometimes with *Subhanaka fa-bala* or *Subhanaka wa-bala.* (Ibn Jarir, Ibn Abi Hatim, Abu Daud). Abu Daud contains a tradition from Abu Hurairah, saying that the Prophet (peace be upon him) said: When in Surah**

**At-Teen, you read the verse; *Alais-Allahu bi-ahkamil-Hakimin* (Is not Allah the greatest Ruler of all), you should respond to it, saying: *Bala waana ala dhalika min-ash-shahidin* (Why not? I am of those who bear witness to this). And when you read this verse of Surah Al-Qiyamah, say: *Bala*; and when you read verse: *Fabi ayyi hadith-in ba da hu yu minun* (Now, what message is there after this, Quran, in which they will believe) of Surah Al-Mursalat, say: *Amanna billah* (We believed in Allah). Traditions on this subject have also been related by Imam Ahmad Tirmidhi, lbn al-Mundhir, lbn Marduyah, Baihaqi and Hakim.**

25* یہ حیات بعدِ موت کے امکان کی دلیل ہے۔ جہاں تک اُن لوگوں کا تعلق ہے جو یہ مانتے ہیں کہ ابتدائی نطفے سے تخلیق کا آغاز کر کے پورا انسان بنا دینے تک کا سارا فعل اللہ تعالیٰ ہی کی قدرت اور حکمت کا کرشمہ ہے ان کے لیے توفی الحقیقت اس دلیل کا کوئی جواب ہے ہی نہیں، کیونکہ وہ خواہ کتنی ہی ڈِھٹائی برتیں، ان کی عقل تسلیم کرنے سے انکار نہیں کر سکتی کہ جو خدا اس طرح انسان کو دنیا میں پیدا کرتا ہے وہ دوبارہ بھی اسی انسان کو وجود میں لے آنے پر قادر ہے۔ رہے وہ لوگ جو اس صریح حکیمانہ فعل کو محض اتفاقات کا نتیجہ قرار دیتے ہیں، وہ اگر ہٹ دھرمی پر تلے ہوئے نہیں ہیں تو آخر ان کے پاس اس بات کی کیا توجیہ ہے کہ آغازِ آفرنیش سے آج تک دنیا کے ہر حصے اور ہر قوم میں کس طرح ایک ہی نوعیت کے تخلیقی فعل کے نتیجے میں لڑکوں اور لڑکیوں کی پیدائش مسلسل اِس تناسب سے ہوتی چلی جا رہی ہے کہ کہیں کسی زمانے میں بھی ایسا نہیں ہوا کہ کسی انسانی آبادی میں صرف لڑکے یا صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی چلی جائیں اور آئندہ اُس کی نسل چلنے کا کوئی امکان باقی نہ رہے؟ کیا یہ بھی اتفاقاً ہی ہوئے چلا جا رہا ہے؟ اتنا بڑا دعویٰ کرنے کے لئے آدمی کو کم از کم اتنا بے شرم ہونا چاہیے کہ وہ اٹھ کر بے تکلف ایک روز یہ دعویٰ کر بیٹھے کہ لندن اور نیویارک، ماسکو اور پیکنگ اتفاقاً آپ سے آپ بن گئے ہیں (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد سوم، الروم، حواشی ۲۷ تا ۳۰۔ جلد چہارم، الشوریٰ، حاشیہ ۷۷)۔

متعدد روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اس آیت کو پڑھتے تھے تو اللہ تعالیٰ کے اِس سوال کے جواب میں کبھی بَلٰی (کیوں نہیں)، کبھی سُبۡحٰنَکَ اللّٰھُمَّ فبلیٰ (پاک ہے تیری ذات، خداوند، کیوں نہیں) اور کبھی سُبۡحٰنَکَ وَبَلٰی فرمایا کرتے تھے (ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابو دواوٗد)۔ ابو داوٗد میں حضرت ابو ہریرۃؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا جب تم سورہ التین میں آیت اَلَیۡسَ اللّٰہُ بِاَحۡکَمِ الۡحٰکِمِیۡنَ (کیا اللہ سب حاکموں سے بڑا حاکم نہیں ہے؟) پڑھو تو کہو بَلٰی وَاَنَا عَلٰی ذٰلِکَ مِنَ الشّٰھِدِیۡنَ (کیوں نہیں، میں اِس پر گواہی دینے والوں میں سے ہوں)۔ اور جب سورہ القیامہ کی یہ آیت پڑھو تو کہو بَلٰی۔ اور جب سورہ مرسلات کی آیت فَبِاَیِّ حَدِیۡثٍۭ بَعۡدَہٗ یُؤۡمِنُوۡنَ (اس قرآن کے بعد یہ لوگ اور کس بات پر ایمان لائیں گے؟) پڑھو تو کہو اٰمَنَّا بِاللّٰہِ (ہم اللہ پر ایمان لائے)۔ اسی مضمون کی روایات امام احمد، ترمذی، ابن المنذر، ابن مردُویہ، بیہقی اور حاکم نے بھی نقل کی ہیں۔